بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ [ابن ماجہ : ۲۲۴، عن انس رضی اللہ عنہ]

علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

دینیات

DEENIYAT

سال اوّل

گیارہواں ایڈیشن

ماہ صفر المظفر ۱۴۳۳ھ مطابق ماہ جنوری ۲۰۱۲ء

Compiler	مرتب
AHEM **Charitable Trust**	اہم چیریٹیبل ٹرسٹ

Contact : Idara-e-**DEENIYAT**, Opp. Maharashtra College, Bellasis Road, Mumbai Central, Mumbai - 4000 08

Tel. : 022 - 23051111 • Fax : 022 - 23051144

Website : www.deeniyat.com • E-mail : info@deeniyat.com

دینیات
DEENIYAT

طالب علم کا نام: --

گھر کا مکمل پتہ اور رابطہ نمبر: --

مدرسہ کا مکمل پتہ : --

مقررہ وقت : --

پیش لفظ

اسلام دینِ فطرت ہے اور زندگی گزارنے کا مکمل ضابطہ ہے، یہ انسان کی زندگی کے ہر موڑ پر رہنمائی کرتا ہے، خواہ انسان کی اجتماعی زندگی ہو یا انفرادی زندگی، عبادت و بندگی میں انہماک کا وقت ہو یا خرید و فروخت میں مصروفیت، خوشی و مسرت کا موقع ہو یا رنج و غم کا لمحہ؛ غرض انسانی زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں ہے جہاں اسلام اس کی مکمل رہنمائی نہ کرتا ہو اور یہ حقیقت ہے کہ ہر انسان اسی وقت کامیاب ہوسکتا ہے جب کہ وہ اپنی پوری زندگی کو اسلام کے مطابق گزارے، یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے امت کے ہر فرد پر بہ قدرِ ضرورت علم دین سیکھنا فرض قرار دیا ہے، آپ ﷺ کا ارشاد ہے: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ (علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے)۔ [ابن ماجہ: ۲۲۴، عن انس رضی اللہ عنہ]

نیز آپ ﷺ نے علم دین کے اساتذہ وطلبہ کو امت کا سب سے بہتر طبقہ قرار دیا ہے؛ ارشاد ہے: خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ (تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو قرآن کو سیکھے اور سکھائے)۔ [بخاری: ۵۰۲۷، عن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ]

اس کے ساتھ ہی آپ ﷺ نے اہل علم پر نہ جاننے والوں کو علم دین سکھانے کی ذمہ داری بھی ڈالی ہے، آپ ﷺ کا ارشاد ہے: تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ وَعَلِّمُوْهُ النَّاسَ (علم سیکھو اور لوگوں کو سکھاؤ)۔ [شعب الایمان: ۱۷۴۲، عن ابی بکر رضی اللہ عنہ]

چنانچہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانے سے ہی ہر دور میں علمائے کرام اور مصلحینِ امت نے لوگوں کو علم دین سکھانے کی بھر پور کوششیں کیں اور اس کی ترویج و اشاعت میں بے مثال قربانیاں دیں، انہیں کی قربانیوں کا نتیجہ ہے کہ آج دین صحیح شکل وصورت میں ہمارے پاس موجود ہے اور ہماری زبانوں پر اللہ اور اس کے رسول کا نام جاری ہے، فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ عَنَّا وَعَنْ جَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ (اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے اور تمام مسلمانوں کی طرف سے انھیں بہترین بدلہ عطا فرمائے۔ آمین)

مگر ہمارے لیے یہ بات بڑی قابل غور ہے کہ ہماری نسل اس دین پر کس طرح ثابت قدم رہے؟ اللہ اور رسول کے احکام پر کیسے عمل پیرا ہو؟ ظاہر ہے کہ اللہ کے عام ضابطے کے مطابق دین، محنت اور جدوجہد سے زندہ اور باقی رہتا ہے۔ اگر ہم محنت اور جدوجہد کریں گے تو ہماری نسلوں میں دین باقی رہے گا، لہٰذا اپنے اور اپنی نسل کے دین و ایمان کی فکر کرنا اور اسلام کی تعلیمات اور ہدایات پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کرنا ہمارا دینی وملی فریضہ ہے۔

آج کے اس دور میں اس اہم فریضے کی تکمیل کے لیے ایک آسان اور مؤثر ذریعہ وہ ہے جس کو ہمارے اکابر اور امت کے فکر مند حضرات نے مکاتب و مدارس کی شکل میں جاری کیا ہے، یہ مکاتب و مدارس دین کی حفاظت کے قلعے اور دین کی اشاعت کے لیے مراکز کی حیثیت رکھتے ہیں، اگر جگہ جگہ مکاتب قائم کردیے جائیں اور ان کو مرتب نظام اور بہتر نصاب کے ساتھ چلایا جائے تو امت میں دینی بیداری اور معاشرے میں علمی و دینی فضا قائم ہوسکتی ہے اور ہماری نسل کا دین و ایمان محفوظ رہ سکتا ہے۔

ادارۂ دینیات نے اس سلسلے میں مکاتب کو مرتب نظام کے ساتھ چلانے کا آغاز کیا ہے، ''دینیات'' کے نام سے بچوں، مردوں اور عورتوں کے لیے الگ الگ نصاب بھی ترتیب دیا ہے، چنانچہ بچوں کا نصاب تین حصوں پر تقسیم کیا گیا ہے: ① ابتدائی (پرائمری) ② ثانوی (سیکنڈری) ③ اضافی (ایڈوانس)۔

ابتدائی نصاب زیرِ کورس کے علاوہ پانچ سال پر مشتمل ہے، جس میں قرآن کریم مکمل کرانے کے ساتھ ساتھ دین کی اہم باتوں کو جمع کرنے کی کوشش کی گئی ہے، آپ کے ہاتھ میں یہ پہلے سال کی کتاب ہے، جس میں پانچ سال میں پڑھائے جانے والے مضامین کا اجمالی نقشہ دیا گیا ہے، جس کو پڑھ کر کتاب کے مضامین اور اس کی اہمیت کا اندازہ ہوسکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے یہی دعا ہے کہ اس چھوٹی سی کوشش کو قبول فرمائے اور کام کرنے والوں میں جوڑ، استقامت اور اخلاص پیدا فرمائے۔ (آمین)

نصاب کا تعارف

اس نصاب کے بنیادی عناوین پانچ ہیں۔

① قرآن ② حدیث ③ عقائد و مسائل ④ اسلامی تربیت ⑤ زبان

قرآن کے تحت	:	نورانی قاعدہ/ ناظرۂ قرآن مع اجرائے قواعد، حفظِ سورۃ
حدیث کے تحت	:	دعا و سنّت، حفظِ حدیث
عقائد و مسائل کے تحت	:	عقائد، نماز، اسمائے حسنیٰ، مسائل
اسلامی تربیت کے تحت	:	اسلامی معلومات، بیان و دُعا، سیرت، آسان دین
زبان کے تحت	:	عربی، اُردو

سال بھر روزانہ پڑھائے جانے والے مضامین :	نورانی قاعدہ/ ناظرۂ قرآن مع اجرائے قواعد، حفظِ سورۃ۔

مذکورہ بالا مضامین کے ساتھ ساتھ ___________

پہلے پانچ مہینوں میں پڑھائے جانے والے مضامین :	دُعا و سنّت، عقائد، نماز، اسلامی معلومات، بیان و دُعا، عربی، اُردو۔
دوسرے پانچ مہینوں میں پڑھائے جانے والے مضامین :	حفظِ حدیث، اسمائے حسنیٰ، مسائل، سیرت، آسان دین، اُردو۔

نصاب کی خصوصیات

- یہ ایک مختصر نصاب ہے جس کو اگر کوئی طالب علم استاذ کے سامنے پابندی کے ساتھ روزانہ صرف ایک گھنٹہ پڑھے گا، تو ان شاء اللہ وہ اپنے اسکول و دیگر مصروفیات کے ساتھ ساتھ دین کی اہم باتیں بھی سیکھ لے گا۔
- دین کی ضروری اور روز مرّہ پیش آنے والی باتیں طلبہ کو ابتدائی پانچ مہینوں میں سکھانے کا التزام کیا گیا ہے، چنانچہ اگر کوئی طالب علم کچھ مہینے پڑھ کر چلا جائے تو بھی دین کی چند اہم باتیں ضرور سیکھ لے گا۔
- اس بات کی رعایت کی گئی ہے کہ طالب علم کو مکتب سے روزانہ کوئی نہ کوئی عملی فائدہ ہو جس سے مکتب میں آنے کی دلچسپی بڑھے اور گھر پر طالب علم کے عمل کرنے کی وجہ سے والدین کو بھی مکتب بھیجنے کی ترغیب ہو، اس سے طلبہ کا درمیان میں چھوڑ کر چلے جانے کا اہم مسئلہ بھی بہت حد تک قابو میں آجائے گا۔
- ہر مضمون کے شروع میں اس مضمون کی ''مفہومی تعریف''، اس سے متعلق مختصر ''ترغیبی بات'' دی گئی ہے تاکہ طلبہ وہ مضمون سمجھ کر رغبت کے ساتھ پڑھیں اور اساتذہ کے لیے ''ہدایت برائے استاذ'' کے عنوان کے تحت اس مضمون کو پڑھانے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے۔
- ہر سبق کے لیے دن اور مہینے متعین کردیے گئے ہیں، تاکہ استاذ کے ساتھ ساتھ طالب علم کے والدین

کو بھی معلوم ہو کہ جتنے دنوں سے ان کا بچہ مکتب جا رہا ہے، اتنے دنوں کا نصاب مکمل ہوا ہے یا نہیں؟ اس سے نگرانی کرنا بھی آسان ہو جائے گا اور طالب علم کی کمزوری بھی دور کی جا سکے گی۔

- اللہ و رسول ﷺ سے محبت پیدا کرنے اور طلبہ میں ذوق وشوق، نشاط و دلچسپی کے لیے ابتدائیہ کے تحت حمد و نعت بھی دی گئی ہے۔
- مکمل نورانی قاعدہ (شائع کردہ مجلس دعوۃ الحق ہردوئی) مفید اضافوں کے ساتھ شامل نصاب کیا گیا ہے اور ہر آئندہ قاعدے کا گذشتہ قاعدے سے تعلق برقرار رکھنے کے لیے کہیں کہیں نورانی قاعدے کے اسباق کی ترتیب میں تقدیم و تاخیر بھی کی گئی ہے۔ نیز قواعد سہل انداز اور آسان زبان میں پیش کیے گئے ہیں۔
- ابتدا ہی سے وضو اور نماز سکھانے اور اس کی عملی مشق کرانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ طالب علم دین کی سب سے اہم عبادت کو بچپن ہی سے صحیح طور پر سنت کے مطابق ادا کرنے والا بن جائے۔
- طلبہ میں دوسروں کے سامنے دین کی بات بلا جھجک کہنے کی ہمّت پیدا کرنے کے لیے نصاب میں مختصر بیان اور دُعا کو شامل کیا گیا ہے۔
- ہمارے نبی ﷺ کی محبت اور کامل اطاعت پیدا کرنے کے لیے بچوں کے انداز میں سیرت کا مضمون بھی دیا گیا ہے۔
- طلبہ کی تربیت کے لیے آسان دین کے نام سے حفظِ حدیث میں دی ہوئی حدیثوں کو سامنے رکھ کر سہل انداز میں چند اسباق ترتیب دیے گئے ہیں، جن سے طلبہ میں پورے دین پر چلنے کا جذبہ اور شوق پیدا ہوگا، نیز طلبہ کو یہ بھی معلوم ہوگا کہ ایمانیات اور عبادات کے علاوہ معاملات، معاشرت اور اخلاقیات بھی دین کے اہم شعبے ہیں۔
- طلبہ میں عربی زبان سے دلچسپی پیدا کرنے کے لیے زبان کے عنوان کے تحت عربی کو شامل نصاب کیا گیا ہے۔
- کتاب کے آخر میں مہینوں کے اعتبار سے ہر مضمون کے الگ الگ سوالات دیے گئے ہیں، تاکہ جائزہ لینے میں سہولت ہو۔
- نصاب کے تمام علمی مواد کو مستند حوالوں سے آراستہ کیا گیا ہے، حوالے کے لیے ''المکتبۃ الشاملہ، (الاصدار الثالث)'' سے استفادہ کیا گیا ہے، البتہ کوئی حوالہ شاملہ میں نہیں مل سکا تو مطبوعہ کتابوں کا ہی حوالہ دیا گیا ہے اور اس کی طرف ''م'' سے اشارہ کر دیا گیا ہے۔

اس نصاب کے پڑھانے کا طریقہ

اس نصاب کو نظام کے ساتھ مرتب کیا گیا ہے جس کے بغیر نصاب کا خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوسکتا، لہٰذا نصاب کو پڑھانے میں مندرجہ ذیل امور کی رعایت ضروری ہے:

- اس نصاب کو پڑھانے کے لیے روزانہ ایک گھنٹے کا وقت مقرر کیا گیا ہے۔
- سال کے شروع میں دو چار دن طلبہ کے حلقے لگانے میں، ان کو کتاب پڑھنے کی ترتیب سمجھانے میں صرف کرنا ہے اور ہر مضمون کی تعریف اور مضامین کی ترغیب اور فضائل بتا کر طلبہ میں پڑھنے کا شوق پیدا کرنا ہے۔
- اس پورے نصاب کو اجتماعی طور پر پڑھانا بہت ضروری ہے۔ جس کی صورت یہ ہوگی کہ استاذ طلبہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے پڑھائے، مثلاً خود پڑھے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" پھر طلبہ پڑھیں "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" پھر پڑھائے "رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ" پھر طلبہ پڑھیں "رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ" اس طرح جتنا سبق ہو پڑھاتا رہے۔ چند مرتبہ کے تکرار سے ان شاء اللہ بآسانی یہ چیزیں طلبہ کو یاد ہو جائیں گی۔
- قرآن کریم کو صحیح پڑھنے اور لحن جلی سے بچنے کے لیے حروف کے مخارج کا صحیح ہونا ضروری ہے، لہٰذا مخارج کی طرف خاص طور سے توجہ دی جائے اور کوشش کی جائے کہ کم از کم پانچ مہینوں کے اندر اندر حروف کے مخارج صحیح ہو جائیں۔ سبق روزانہ پڑھاتے رہیں اور ساتھ ساتھ حروف کی ادائیگی درست کراتے رہیں۔
- ہر مہینے میں ۲۰ دن سبق پڑھانے کے، ۴/۵ دن دور اور آموختہ کے اور ۴/۵ دن چھٹی کے ہوں گے، مہینے کے آخر میں ۴/۵ دن پورے مہینے کا دور کرائیں، نیز گذشتہ مہینوں کے اسباق کا دور بھی ان ہی ایام میں کراتے رہیں۔
- ہر سبق کے لیے مہینے اور دنوں کو ایک خانے میں ظاہر کر دیا گیا ہے۔ ان دنوں کی رعایت کرتے ہوئے سبق کو مکمل کرنے کی کوشش کریں۔ جس سبق پر مہینہ ختم ہو رہا ہو وہاں تاریخ لکھیں اور دستخط کے خانے میں مختصر دستخط کریں اور بچوں سے اپنے اپنے والدین سے دستخط کروا کر لانے کو کہیں۔

- ایک مہینے کا نصاب کسی مضمون میں اگر جلد ختم ہو جائے تو اس کا بقیہ وقت دوسرے مضامین کے لیے استعمال کریں تاکہ ہر مہینے کا نصاب تمام مضامین میں ایک ساتھ رہے اور کتاب بھی ایک ساتھ ختم ہو۔
- دوسرے پانچ مہینوں والے مضامین پڑھاتے وقت دور کے دنوں میں پہلے پانچ مہینوں والے مضامین کا بھی دور کراتے رہیں۔ مثلاً دُعا و سنت کا دور حفظ حدیث کے ساتھ، عقائد کا دور اسمائے حسنیٰ کے ساتھ اور نماز کا دور مسائل کے ساتھ۔
- کتاب میں ہر مضمون کے شروع میں جو تعریف دی گئی ہے، وہ لغوی یا اصطلاحی تعریف نہیں بلکہ مفہومی تعریف ہے تاکہ طلبہ کے سامنے مضمون کا تعارف اچھی طرح ہو جائے، لہٰذا روزانہ ایک مضمون سے دوسرے مضمون کی طرف منتقل ہوتے ہوئے اس مضمون کی تعریف ضرور پڑھائیں، یا بچوں سے سن لیں۔
- دور کے دنوں میں ترغیبی بات کے ذریعے بچوں میں تمام مضامین کی اہمیت و رغبت پیدا کریں۔ ترغیبی بات کے تحت آیات اور حدیثیں مختصر اور عام فہم دی گئی ہیں اور دو چار جملوں میں ان کی تشریح بھی کر دی گئی ہے، اسے طلبہ کو پڑھ کر سنا دیں، الگ سے مزید تشریح میں وقت بالکل نہ لگائیں، ترغیبی بات سنانے کے بعد طلبہ سے ایک دو سوال پوچھ لیں تاکہ معلوم ہو جائے کہ طلبہ اسے سمجھ چکے ہیں۔ مثلاً نورانی قاعدے میں ترغیبی بات سنانے کے بعد پوچھ لیں کہ قرآن کے ایک ایک حرف پر کتنی نیکیاں ملتی ہیں وغیرہ۔
- کتاب کے اخیر میں ہر مہینے کے سوالات ترتیب وار دیے گئے ہیں، لہٰذا جب ایک مہینے کا نصاب مکمل ہو جائے تو دور کرانے کے بعد اُسی مہینے کے سوالات طلبہ سے پوچھ لیں۔
- کتاب کے آخر میں نماز کی نگرانی کے لیے نقشہ دیا گیا ہے، بتائے گئے طریقے کے مطابق دیے گئے خانوں میں نشانات لگانا ہے، اور طلبہ کی ماہانہ حاضری، غیر حاضری اور فیس کے لیے بھی ایک نقشہ دیا گیا ہے، ہر مہینے کے ختم پر ایام تعلیم، ایام حاضری و غیر حاضری اور فیس کی تفصیلات لکھ دیں، اور مہینہ مکمل ہو جانے کے بعد خود بھی دستخط کریں اور طلبہ کے والدین سے بھی دستخط کروا کر لانے کو کہیں۔

- غیر حاضر طلبہ کے اسباق کی کمزوری اس طرح دور کی جاسکتی ہے کہ جس سبق میں طالب علم غیر حاضر رہا ہے اگر وہ سبق آگے آرہا ہے تو ٹھیک ہے، اور اگر آگے نہیں آرہا ہے اور وہ سبق ایسا ہے کہ اس کے بغیر آگے کا سبق سمجھ میں نہیں آسکتا تو اس کو انفرادی طور پر پڑھالیں یا کسی ذہین طالب علم کے سپرد کردیں جیسے نورانی قاعدے کا سبق یا اُردو کا سبق اور اگر ایسا سبق ہے کہ اس کے بغیر بھی آگے کا سبق سمجھ میں آجائے گا تو اس کو چھوڑ دیں تاکہ اجتماعیت باقی رہے اور اس چھوڑے ہوئے سبق کو دَور کے دنوں میں یاد کرانے کی کوشش کریں۔
- مکتب میں موجود طلبہ کو ان کی مقدارِ خواندگی کے اعتبار سے الگ الگ جماعت میں تقسیم کردیں اور ایک جماعت میں ۱۲؍طلبہ ہی رکھیں، پھر ایک وقت (ایک گھنٹے) میں ایک ہی جماعت کو اجتماعی طور پر پڑھائیں۔
- طلبہ ۲؍گھنٹے کے لیے آرہے ہیں، تو پیچھے بیٹھ کر استاذ کی نگرانی میں نورانی قاعدے کے اسباق کی مشق یا نصاب کے علاوہ دوسری سورتوں کو یاد کرنے میں مشغول ہوجائیں۔ اس طرح وہ ان شاءاللہ اسکول کی تعلیم کے ساتھ قرآن کریم کا کچھ حصہ حفظ بھی کرلیں گے۔
- اگر ایک ہی وقت (ایک گھنٹے) میں مختلف جماعتیں ہوں تو پہلے ایک جماعت کو پڑھائیں، پھر ان ہی میں سے کسی طالب علم کو پابند کریں، وہ اسی طرح اپنے ساتھیوں کو پڑھاتا رہے اور خود دوسری جماعت کو پڑھانے میں مشغول ہوجائیں۔ اسی طرح باری باری ہر جماعت کو اس کا سبق پڑھائیں۔
- ان مختلف جماعتوں کا سبق سننے میں بھی حلقہ بندی کا لحاظ رکھیں، ہر حلقے کا سبق الگ الگ سنیں۔ اس کی شکل یہ ہوگی کہ ہر حلقے میں طلبہ روزانہ تھوڑا تھوڑا سبق اس طرح سنائیں کہ اس حلقے کے تمام بچے بھی سنیں۔ نیز دورانِ سبق غلطیوں کی اصلاح بھی اس طرح کرائیں کہ تمام طلبہ کے سامنے غلطی واضح ہوجائے۔
- اگر کسی درجے میں قرآن کا سبق آگے پیچھے ہو، تو جس طالب علم کا سبق سب سے زیادہ ہو اس کو سب سے کم پڑھائیں، اور جس کا سبق اس سے کم ہو تو اس کو کچھ زیادہ پڑھائیں، اور جس کا سبق اس سے بھی کم ہو تو اس کو اور زیادہ سبق دیں اور جب ایک طالب علم کو پڑھائیں تو سارے طلبہ وہی سبق

کھولیں۔مثال کے طور پر ایک طالب علم کا سبق تیسرے پارہ میں ہے اور ایک کا سبق ساتویں پارے میں اور ایک کا سبق گیارہویں پارے میں ہے۔تو گیارہویں پارے والے کو ۳/لائن پڑھائیں، اس وقت دوسرے طلبہ بھی گیارہواں پارہ ہی کھولیں۔ پھر ساتویں پارے والے کو ۵/لائن پڑھائیں اور اس وقت دوسرے طلبہ بھی ساتواں پارہ کھولیں اور تیسرے پارے والے کو ۷/لائن پڑھائیں اور اس وقت دوسرے طلبہ تیسرا پارہ ہی کھولیں، اس طرح کچھ طلبہ کا دور بھی ہوتا رہے گا اور آگے چل کر اجتماعیت بھی پیدا ہو جائے گی۔

عزائم

قابل ذکر بات یہ ہے کہ ہم نے اسی ترتیب پر پانچ سالہ ''ابتدائی نصاب'' (پرائمری کورس) تیار کیا ہے اور امید کرتے ہیں کہ اگر کوئی طالبِ علم اپنے اسکول کی ''پہلی'' سے ''پانچویں'' تک اس نصاب کو مکمل کر لے تو وہ ان شاء اللہ نماز اور روزمرہ کے بنیادی مسائل سے اچھی طرح واقف ہو جائے گا، اس کے بعد پانچ سالہ ''ثانوی نصاب'' (سیکنڈری کورس) بھی تیار کر رہے ہیں۔جس سے طالبِ علم پیش آنے والے اہم مسائل جیسے نمازِ جنازہ پڑھانا، تکفین وتدفین کے مسائل، جمعہ اور عیدین کا خطبہ، امامت و خطابت کی ذمے داری انجام دے سکے گا۔

اس ثانوی نصاب کی تکمیل کے بعد ان شاء اللہ پانچ سالہ ''اضافی نصاب'' (ایڈوانس کورس) ترتیب دیا جائے گا، جس میں طالبِ علم اپنے اسکول وکالج کی تعلیم کے ساتھ ساتھ قرآن وحدیث کی تعلیمات نیز عقائد ومسائل اور عربی زبان سے اچھا خاصا آشنا ہو جائے گا۔ پھر اگر وہ معاش کے لیے کسی شعبے کا رُخ کرتا ہے تو یہ معلومات اس کے لیے مفید ثابت ہوں گی اور اگر وہ عالم بننا چاہے تو کچھ سال مزید لگا کر مکمل سند یافتہ عالم بن کر بڑے پیمانے پر اُمت کی رہبری کا کام انجام دے سکے گا۔

اس نصاب سے ہمارا منشا یہ ہے کہ ایک بچے کی جتنی عمر سیکھنے کی ہوتی ہے، اس میں اس کا کچھ نہ کچھ وقت دین سیکھنے میں لگے۔جس کی بدولت زندگی میں عمل کرنا آسان ہو۔وہ جس شعبے میں جائے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمائندہ بن کر جائے۔وہ دوسروں سے متاثر ہونے کے بجائے دوسروں پر اثر ڈال سکے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کوشش کو قبول فرمائے اور اُمت کے حق میں نافع بنائے۔(آمین)



نظام الاوقات

پہلے پانچ مہینوں میں پڑھائے جانے والے مضامین		
ابتدائیہ	[حمد] [نعت]	
۱-قرآن	[نورانی قاعدہ] [حفظِ سورۃ]	۴۰ / منٹ
۲-حدیث	[دُعاوسنت]	۵ / منٹ
۳-عقائد ومسائل	[عقائد] [نماز]	۵ / منٹ
۴-اسلامی تربیت	[اسلامی معلومات] [بیان ودُعا]	۵ / منٹ
۵-زبان	[عربی] [اُردو]	۵ / منٹ
دوسرے پانچ مہینوں میں پڑھائے جانے والے مضامین		
ابتدائیہ	[حمد] [نعت]	
۱-قرآن	[نورانی قاعدہ] [حفظِ سورۃ]	۴۰ / منٹ
۲-حدیث	[حفظِ حدیث]	۵ / منٹ
۳-عقائد ومسائل	[اسمائے حسنٰی] [مسائل]	۵ / منٹ
۴-اسلامی تربیت	[سیرت] [آسان دین]	۵ / منٹ
۵-زبان	[اُردو]	۵ / منٹ

نوٹ: مضامین کے لیے جو اوقات دیے گئے ہیں ان میں کمی زیادتی کی گنجائش ہے۔

پانچ سالہ ابتدائی نصاب کا اجمالی نقشہ

ابتدائیہ	حمد ونعت	۵/حمد اور ۵/نعت۔
قرآن	ناظرۂ قرآن	الف، با، تا سے لے کر پورا ناظرۂ قرآن ختم ہوگا۔
	حفظ سورۃ	تعوذ، تسمیہ، سورۂ فاتحہ، ۲۱/سورتیں (سورۂ ضحیٰ سے سورۂ ناس تک) اور آیۃ الکرسی۔
حدیث	دُعا وسنت	۳۸/اعمال کی دعائیں اور ۱۳/اعمال کی سنتیں (جیسے کھانا، پینا، سونا، گھر، مسجد اور بیت الخلا وغیرہ)۔
	حفظ حدیث	۴۰/حدیثیں ترجمے کے ساتھ، اسلام کے پانچ مشہور شعبے: ایمانیات، عبادات، معاملات، معاشرت اور اخلاقیات پر۔
عقائد ومسائل	عقائد	۵/کلمے، ایمان مجمل و مفصل اور دین کی بنیادی باتیں جن پر ایک مسلمان کو یقین رکھنا ضروری ہے، جیسے اللہ، رسول، کتاب، فرشتے، آخرت وغیرہ۔
	نماز	مکمل نماز اور اس کی دُعائیں، مزید ۶/نمازوں کے پڑھنے پڑھانے کا طریقہ جیسے: وتر، بیمار کی نماز، نمازِ جمعہ، مسافر کی نماز اور ان کی عملی مشق کے ساتھ ساتھ طلبہ کی نماز کی نگرانی۔
	اسمائے حسنیٰ	اللہ تعالیٰ کے ۹۹/صفاتی نام۔
	مسائل	نماز اور طہارت کے ضروری مسائل جیسے غسل، وضو، نماز کے فرائض اور واجبات وغیرہ کے ساتھ ساتھ زکوٰۃ، روزہ اور حج کا مختصر تعارف۔
اسلامی تربیت	اسلامی معلومات	۱۱۰/سوالات وجوابات؛ اسلام، اسلامی شخصیات اور تاریخی مقامات سے متعلق اہم معلومات۔
	بیان ودُعا	۵/بیانات اور ۵/قرآنی دُعائیں۔
	سیرت	ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ اور خلفائے راشدین (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ) کی زندگی کے مختصر حالات۔
	آسان دین	۴۰/اسباق، بچوں کی دینی تربیت کے لیے اسلام کے مشہور پانچ شعبے: ایمانیات، عبادات، معاملات، معاشرت اور اخلاقیات پر۔
زبان	عربی	گنتی، روزمرہ استعمال ہونے والی چیزوں کے نام، اسلامی مہینوں، دنوں اور جسم کے اعضا کے نام۔
	اُردو	الف، با، تا سے لکھنا پڑھنا سیکھ جائے گا۔

مہینہ وار مضامین

پہلے مہینے کے اسباق

قرآن	نورانی قاعدہ	:	نقطے، مفردات (حروف تہجی)۔
	حفظ سورۃ	:	تعوذ، تسمیہ۔
حدیث	دعا وسنت	:	کھانے سے پہلے کی دعا، شروع میں دعا پڑھنا بھول جائے تو یہ دعا پڑھے، کھانے کے بعد کی دعا۔
عقائد و مسائل	عقائد	:	کلمۂ طیبہ ترجمہ کے ساتھ۔
	نماز	:	کلمات نماز؛ تکبیر تحریمہ، رکوع کی تسبیح، تسمیع، وضو اور نماز کی عملی مشق۔
اسلامی تربیت	اسلامی معلومات	:	اسلام اور اسلامی شخصیات سے متعلق ۴ سوالات کے جوابات۔
	بیان ودعا	:	ایک بیان اور ایک دعا۔
زبان	عربی	:	گنتی، متفرقات۔

دوسرے مہینے کے اسباق

قرآن	نورانی قاعدہ	:	حروف کی پہچان ''الف'' سے ''ی'' تک۔
	حفظ سورۃ	:	سورۂ فاتحہ۔
حدیث	دعا وسنت	:	کھانے کی سنتیں۔
عقائد و مسائل	عقائد	:	کلمۂ طیبہ ترجمہ کے ساتھ۔
	نماز	:	کلمات نماز؛ تحمید، سجدے کی تسبیح، سلام، وضو اور نماز کی عملی مشق۔
اسلامی تربیت	اسلامی معلومات	:	اسلام اور اسلامی شخصیات سے متعلق ۴ سوالات کے جوابات۔
	بیان ودعا	:	ایک بیان اور ایک دعا۔
زبان	عربی	:	متفرقات، ماکولات ومشروبات۔

مہینہ وار مضامین

تیسرے مہینے کے اسباق

قرآن	نورانی قاعدہ	: مرکب حروف کی شکلیں، مرکب حروف کی مشق۔
	حفظ سورۃ	: سورۂ فاتحہ۔
حدیث	دعا وسنت	: پانی پینے کی سنتیں، سونے سے پہلے کی دعا، سوکر اٹھنے کی دعا۔
عقائد و مسائل	عقائد	: کلمۂ شہادت ترجمہ کے ساتھ۔
	نماز	: کلمات نماز: ثنا، وضو اور نماز کی عملی مشق۔
اسلامی تربیت	اسلامی معلومات	: اسلام اور اسلامی شخصیات سے متعلق ۴ سوالات کے جوابات۔
	بیان و دعا	: ایک بیان اور ایک دعا۔
زبان	اردو	: با ترتیب حروف، بے ترتیب حروف، زبر۔

چوتھے مہینے کے اسباق

قرآن	نورانی قاعدہ	: مرکب حروف کے شروع، درمیان اور آخر میں ہونے کی مشق، حرکت کا بیان، زبر، دو حرف والے کلمات پر زبر کی مشق، تین حرف والے کلمات پر زبر کی مشق، زیر، دو حرف والے کلمات پر زیر کی مشق۔
	حفظ سورۃ	: سورۂ لہب۔
حدیث	دعا وسنت	: بیت الخلا جانے سے پہلے کی دعا، بیت الخلا سے باہر نکلنے کے بعد کی دعا۔
عقائد و مسائل	عقائد	: کلمۂ شہادت ترجمہ کے ساتھ۔
	نماز	: کلمات نماز: تشہد، وضو اور نماز کی عملی مشق۔
اسلامی تربیت	اسلامی معلومات	: اسلام اور اسلامی شخصیات سے متعلق ۴ سوالات کے جوابات۔
	بیان و دعا	: ایک بیان اور ایک دعا۔
زبان	اردو	: زبر، زیر، پیش، بے ترتیب حروف، حروف کو ملانے کے طریقے، الف۔

مہینہ وار مضامین

پانچویں مہینے کے اسباق

قرآن	نورانی قاعدہ	:	تین حرف والے کلمات پر زیر کی مشق، پیش، دوحرف والے کلمات پر پیش کی مشق، تین حرف والے کلمات پر پیش کی مشق۔
	حفظ سورۃ	:	سورۂ لہب، سورۂ اخلاص۔
حدیث	دعا وسنت	:	بیت الخلا سے باہر نکلنے کے بعد کی دعا، خاص خاص موقعوں پر کہے جانے والے مسنون کلمات۔
عقائد و مسائل	عقائد	:	کلمۂ شہادت ترجمہ کے ساتھ۔
	نماز	:	کلمات نماز؛ تشہد، وضو اور نماز کی عملی مشق۔
اسلامی تربیت	اسلامی معلومات	:	اسلام اور اسلامی شخصیات سے متعلق ۴؍سوالات کے جوابات۔
	بیان ودعا	:	ایک بیان اور ایک دعا۔
زبان	اردو	:	حروف کو ملانے کے طریقے؛ ''الف'' سے ''خ''۔

چھٹے مہینے کے اسباق

قرآن	نورانی قاعدہ	:	حرکت کی عمومی مشق، سکون (جزم) کا بیان، سکون کی مثالیں زبر کے ساتھ، سکون کی مثالیں زیر کے ساتھ، سکون کی مثالیں پیش کے ساتھ۔
	حفظ سورۃ	:	سورۂ فلق۔
حدیث	حفظ حدیث	:	حدیث نمبر ۱؍ ایمانیات پر۔
عقائد و مسائل	اسمائے حسنیٰ	:	اسمائے حسنیٰ ۱، ۲، ۳۔
	مسائل	:	غسل کے فرائض۔
اسلامی تربیت	سیرت	:	ہمارے نبی ﷺ کی سیرت سے متعلق ۴؍سوالات کے جوابات۔
	آسان دین	:	ایمانیات پر ایک سبق۔
زبان	اردو	:	حروف کو ملانے کے طریقے؛ ''د'' سے ''غ''۔

مہینہ وار مضامین

ساتویں مہینے کے اسباق

قرآن	نورانی قاعدہ	:	سکون کی مشق تینوں حرکتوں کے ساتھ، ہمزۂ ساکنہ کا بیان، حروف مدہ کا بیان، الف مدہ، یا مدہ۔
	حفظ سورۃ	:	سورۂ ناس۔
حدیث	حفظ حدیث	:	حدیث نمبر ۲ / عبادات پر۔
عقائد و مسائل	اسمائے حسنیٰ	:	اسمائے حسنیٰ ۴، ۵، ۶۔
	مسائل	:	وضو کے فرائض۔
اسلامی تربیت	سیرت	:	ہمارے نبی ﷺ کی سیرت سے متعلق ۴ / سوالات کے جوابات۔
	آسان دین	:	عبادات پر ایک سبق۔
زبان	اردو	:	حروف کو ملانے کے طریقے؛ ’’ف‘‘ سے ’’ہ‘‘۔

آٹھویں مہینے کے اسباق

قرآن	نورانی قاعدہ	:	یا مدہ، واو مدہ، عمومی مشق، کھڑا زبر۔
	حفظ سورۃ	:	تعوذ، تسمیہ اور سورۂ فاتحہ کا دور۔
حدیث	حفظ حدیث	:	حدیث نمبر ۳ / معاملات پر۔
عقائد و مسائل	اسمائے حسنیٰ	:	اسمائے حسنیٰ ۷، ۸، ۹۔
	مسائل	:	پانچ نمازیں، رکعتوں کی تعداد۔
اسلامی تربیت	سیرت	:	ہمارے نبی ﷺ کی سیرت سے متعلق ۳ / سوالات کے جوابات۔
	آسان دین	:	معاملات پر ایک سبق۔
زبان	اردو	:	’’واؤ‘‘ ماقبل مفتوح اور ’’واؤ‘‘ معروف و مجہول، ’’ی‘‘ جس کے پہلے زبر ’’ی‘‘ معروف و مجہول، دو حروف کے الفاظ ① ۔

مہینہ وار مضامین

نویں مہینے کے اسباق

قرآن	نورانی قاعدہ	: کھڑا زیر، الٹا پیش، حروف لین کا بیان، واولین، یائے لین۔
	حفظ سورۃ	: سورۂ لہب اور سورۂ اخلاص کا دور۔
حدیث	حفظ حدیث	: حدیث نمبر ۴/ معاشرت پر۔
عقائد و مسائل	اسمائے حسنی	: اسمائے حسنی ۱۰، ۱۱، ۱۲۔
	مسائل	: پانچ نمازیں، رکعتوں کی تعداد، نماز کے شرائط۔
اسلامی تربیت	سیرت	: ہمارے نبی ﷺ کی سیرت سے متعلق ۴/ سوالات کے جوابات۔
	آسان دین	: معاشرت پر ایک سبق۔
زبان	اردو	: دو حروف کے الفاظ ②، ③، دو حرفی الفاظ کے جملے ①، ②۔

دسویں مہینے کے اسباق

قرآن	نورانی قاعدہ	: حروف مدہ اور حروف لین کی مشق، تنوین کا بیان، نون ساکن کا بیان۔
	حفظ سورۃ	: سورۂ فلق اور سورۂ ناس کا دور۔
حدیث	حفظ حدیث	: حدیث نمبر ۵/ اخلاقیات پر۔
عقائد و مسائل	اسمائے حسنی	: اسمائے حسنی ۱۳، ۱۴، ۱۵۔
	مسائل	: نماز کے شرائط۔
اسلامی تربیت	سیرت	: ہمارے نبی ﷺ کی سیرت سے متعلق ۴/ سوالات کے جوابات۔
	آسان دین	: اخلاقیات پر ایک سبق۔
زبان	اردو	: دو حرفی الفاظ کے جملے ②، سہ حرفی الفاظ ①، ②، ③۔

فہرست

مضامین	صفحہ نمبر
ابتدائیہ	
حمد ونعت — تعریف، ترغیبی بات	۱۹
حمد ونعت – ہدایت برائے استاذ	۱۹
حمد	۲۰
نعت	۲۱
۱- قرآن	
نورانی قاعدہ — تعریف، ترغیبی بات	۲۲
نورانی قاعدہ – ہدایت برائے استاذ	۲۳
مخارج حروف	۲۴
نقطے	۲۶
مفردات (حروف تہجی)	۲۶
حروف کی پہچان	۲۷
مرکب (ملے ہوئے) حروف کی شکلیں	۳۵
حرکت کا بیان	۳۸
سکون (جزم) کا بیان	۴۳
ہمزۂ ساکنہ کا بیان	۴۴
حروف مدہ کا بیان	۴۵
کھڑا زبر، کھڑا زیر اور اُلٹا پیش	۴۸
حروف لین کا بیان	۵۲
تنوین کا بیان	۵۴
نون ساکن کا بیان	۵۶

مضامین	صفحہ نمبر
حفظ سورۃ — تعریف، ترغیبی بات	۵۷
حفظ سورۃ – ہدایت برائے استاذ	۵۷
تعوذ	۵۸
تسمیہ	۵۸
سورۂ فاتحہ	۵۸
سورۂ لہب	۵۹
سورۂ اخلاص	۵۹
سورۂ فلق	۵۹
سورۂ ناس	۶۰
۲- حدیث	
دُعا وسنت — تعریف، ترغیبی بات	۶۱
دُعا وسنت – ہدایت برائے استاذ	۶۱
کھانے سے پہلے کی دُعا	۶۲
شروع میں دُعا پڑھنا بھول جائے......	۶۲
کھانے کے بعد کی دُعا	۶۲
کھانے کی سنتیں	۶۲
پانی پینے کی سنتیں	۶۳
سونے سے پہلے کی دُعا	۶۴
سوکر اُٹھنے کی دُعا	۶۴
بیت الخلا جانے سے پہلے کی دُعا	۶۵
بیت الخلا سے باہر نکلنے کے بعد......	۶۵

فہرست

صفحہ نمبر	مضامین
٦٥	خاص خاص موقعوں پر کہے......
٦٧	حفظ حدیث تعریف، ترغیبی بات
٦٧	حفظ حدیث- ہدایت برائے استاذ
٦٨	حدیث نمبر ① ایمانیات پر
٦٨	حدیث نمبر ② عبادات پر
٦٨	حدیث نمبر ③ معاملات پر
٦٩	حدیث نمبر ④ معاشرت پر
٦٩	حدیث نمبر ⑤ اخلاقیات پر
	٣- عقائد و مسائل
٧٠	عقائد تعریف، ترغیبی بات
٧٠	عقائد- ہدایت برائے استاذ
٧١	کلمۂ طیبہ
٧١	کلمۂ شہادت
٧٢	نماز تعریف، ترغیبی بات
٧٢	نماز- ہدایت برائے استاذ
٧٤	کلماتِ نماز
٧٥	ثنا
٧٥	تشہد
٧٥	وضو کا طریقہ
٧٧	نماز کا مسنون طریقہ
٨٢	عورتوں کی نماز کا فرق

صفحہ نمبر	مضامین
٨٣	نماز کی ترکیب
٨٥	اسمائے حسنیٰ تعریف، ترغیبی بات
٨٥	اسمائے حسنیٰ- ہدایت برائے استاذ
٨٦	١٥/ اسمائے حسنیٰ
٨٨	مسائل تعریف، ترغیبی بات
٨٨	مسائل- ہدایت برائے استاذ
٨٩	غسل کے فرائض
٨٩	وضو کے فرائض
٨٩	پانچ نمازیں
٩٠	نماز کے شرائط
	٤- اسلامی تربیت
٩١	اسلامی معلومات تعریف، ترغیبی بات
٩١	اسلامی معلومات- ہدایت برائے استاذ
٩٢	سوالات و جوابات
٩٥	بیان و دعا تعریف، ترغیبی بات
٩٥	بیان و دعا- ہدایت برائے استاذ
٩٦	دین کی اہمیت
٩٦	دعا
٩٧	سیرت تعریف، ترغیبی بات
٩٧	سیرت- ہدایت برائے استاذ
٩٨	سوالات و جوابات

فہرست

مضامین	صفحہ نمبر
آسان دین — تعریف، ترغیبی بات	۱۰۱
آسان دین– ہدایت برائے استاذ	۱۰۱
حدیث نمبر ① ایمانیات پر ایک سبق	۱۰۳
حدیث نمبر ② عبادات پر ایک سبق	۱۰۳
حدیث نمبر ③ معاملات پر ایک سبق	۱۰۴
حدیث نمبر ④ معاشرت پر ایک سبق	۱۰۴
حدیث نمبر ⑤ اخلاقیات پر ایک سبق	۱۰۴
۵-زبان	
عربی — تعریف، ترغیبی بات	۱۰۵
عربی– ہدایت برائے استاذ	۱۰۵
اعداد	۱۰۶
متفرقات	۱۰۷
ماکولات ومشروبات	۱۰۹
اُردو — تعریف، ترغیبی بات	۱۱۱
اُردو– ہدایت برائے استاذ	۱۱۲
باترتیب حروف	۱۱۳
بےترتیب حروف	۱۱۳
زبر	۱۱۴
زیر	۱۱۵
پیش	۱۱۶
حروف کوملانے کے طریقے	۱۱۷

مضامین	صفحہ نمبر
”و“ ماقبل مفتوح اور ”و“ معروف ومجہول	۱۳۰
”ی“ جس کے پہلے زبر اور ”ی“	۱۳۱
دوحروف کے الفاظ	۱۳۲
دوحرفی الفاظ کے جملے	۱۳۴
سہ حرفی الفاظ	۱۳۶
پہلے مہینے کے سوالات	۱۳۹
دوسرے مہینے کے سوالات	۱۳۹
تیسرے مہینے کے سوالات	۱۴۰
چوتھے مہینے کے سوالات	۱۴۰
پانچویں مہینے کے سوالات	۱۴۱
چھٹے مہینے کے سوالات	۱۴۱
ساتویں مہینے کے سوالات	۱۴۲
آٹھویں مہینے کے سوالات	۱۴۲
نویں مہینے کے سوالات	۱۴۳
دسویں مہینے کے سوالات	۱۴۳
نماز چارٹ	۱۴۴
ماہانہ حاضری، غیرحاضری اور فیس چارٹ	۱۴۸

ابتدائیہ

[حمد] [نعت]

تعریف

حمد : نظم کے انداز میں اللہ کی تعریف کرنے کو "حمد" کہتے ہیں۔

نعت: جن اشعار میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف ہو ان کو "نعت" کہتے ہیں۔

ترغیبی بات

جن اشعار میں اللہ تعالیٰ کی تعریف، ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات اور پیاری باتیں ہوں تو وہ اشعار پسندیدہ ہیں۔

ہدایت برائے استاذ

اس عنوان کے تحت ایک حمد اور ایک نعت دی گئی ہے، جو طلبہ کو درس گاہ میں آنے کے وقت اجتماعی طور پر پڑھا دی جائیں۔ ایک دن حمد پڑھائیں اور دوسرے دن نعت۔

ابتدا میں طلبہ کو خود پڑھائیں پھر یاد ہو جانے کے بعد باری باری ہر طالبِ علم سے پڑھوائیں، اسے باقاعدہ یاد کرانے کی ضرورت نہیں، بس روزانہ پابندی سے پڑھاتے رہیں گے، تو ان شاء اللہ چند روز میں خود بخود طلبہ کے ذہن نشیں ہو جائیں گی۔

ابتدائیہ

[حمد]

آوٗ آوٗ سر کو جُھکائیں

آوٗ آوٗ سر کو جھکائیں
گیت خدا کی حمد کے گائیں

جس نے اس دنیا کو بنایا
اور ہمیں پھر اس میں بسایا

جس نے پانی اور ہوا دی
جس نے ہماری آگ جلا دی

جس نے بنائے چاند ستارے
پھول کھلائے پیارے پیارے

جس نے ہمیں ایمان دیا ہے
ہم پے بڑا احسان کیا ہے

فکر ہے کچھ نہ کسی کا غم ہے
ہم پے خدا ہی کا یہ کرم ہے

جَلَّ جَلالُہٗ



DEENIYAT

اللہ کا دُلارا

اللہ کا دُلارا پیارا نبی ہمارا
انوار کا مَنارہ پیارا نبی ہمارا

ایماں کی روشنی سے دل میں کیا اُجالا
جنّت کی راہ دکھائی تحفہ دیا نِرالا

بندوں کو جب بُلایا خدا کے ایک دَر پر
زخمی ہُوا بدن بھی کھائی ہے چوٹ سَر پر

پیوند کی قَبا تھی باندھا عمامہ سَر پر
بستر بھی ٹاٹ کا تھا کچّا مکاں بسیرا

اللہ کا دُلارا پیارا نبی ہمارا
انوار کا مَنارہ پیارا نبی ہمارا

صلی اللہ علیہ وسلم

DEENIYAT

تعریف

قاعدہ : جس کتاب میں قرآن پڑھنے کے طریقے بتائے جائیں اس کو ''قاعدہ'' کہتے ہیں۔

ترغیبی بات

حدیث : اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: تم میں سب سے بہتر شخص وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔ [بخاری: ۵۰۲۷، عن عثمان رضی اللہ عنہ]

حدیث : رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے قرآن شریف کا ایک حرف پڑھا، اس کے لیے ایک نیکی ہے اور ایک نیکی کا اجر و ثواب دس نیکی کے برابر ملتا ہے۔ [ترمذی: ۲۹۱۰، عن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ]

قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے، اس کو سیکھنا، اس کو پڑھنا اور اس پر عمل کرنا بڑی عبادت ہے اور بڑے اجر و ثواب اور خیر و برکت کا ذریعہ ہے۔ اس لیے ہر شخص کو چاہیے کہ قرآن کریم پڑھنا سیکھے اور اس کو صحیح پڑھنے کی پوری کوشش کرے۔

ہدایت برائے استاذ

اس سال نورانی قاعدے کے نصاب میں ۸؍تختیاں دی گئی ہیں، بقیہ تختیاں دوسرے سال میں دی جائیں گی۔

قاعدہ طلبہ کو اجتماعی طور پر پڑھایا جائے اور پڑھانے میں تختۂ سیاہ (بلیک بورڈ) کا استعمال کیا جائے۔

سبق پڑھانے کے بعد طلبہ سے سبق سن لیا جائے۔ عمومی مشق اس طور پر کرائی جائے کہ گذشتہ اسباق کا اجرا ہو جائے۔ طلبہ کو حروف کی ادائیگی سمجھانے کے لیے ''مخارجِ حروف'' سے مدد لی جاسکتی ہے۔

ہر تختی کے تحت آنے والے قواعد طلبہ اگر آسانی سے سمجھ لیں اور یاد کرلیں تو بہتر ہے، ورنہ ان کے یاد کرانے پر زیادہ زور نہ دیا جائے، البتہ ہر تختی صحتِ حروف اور قواعد کی رعایت کے ساتھ پڑھانا ضروری ہے۔

اسباق میں حرکات اور حروف کو سرخ رنگ میں نمایاں کیا گیا ہے تاکہ طلبہ آسانی کے ساتھ ان کی شناخت کرلیں اور سمجھ لیں۔

DEENIYAT

مخارج حروف

کسی بھی حرف کا مخرج معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ حرف کو ساکن کر کے اس کے شروع میں ہمزہ لگا دو، جہاں آواز رُک جائے وہ اس حرف کا مخرج ہے جیسے: اُبْ، اُتْ، اُثْ۔

ا مدّہ، و مدّہ، ی مدّہ	: منہ کے اندر کے خالی حصے سے ادا ہوتے ہیں، جیسے: بَا، بُوْ، بِیْ۔
ء، ہ	: حلق کے سینے کی طرف والے حصے سے ادا ہوتے ہیں، جیسے: اِءْ، اُہْ۔
ع، ح	: حلق کے درمیانی حصے سے ادا ہوتے ہیں، جیسے: اُعْ، اُحْ۔
غ، خ	: حلق کے منہ کی جانب والے حصے سے ادا ہوتے ہیں، جیسے: اُغْ، اُخْ۔
ق	: زبان کی جڑ کی ابتدا اور اس کے مقابل اوپر کے تالو سے ادا ہوتا ہے، جیسے: اُقْ۔
ك	: زبان کی جڑ کی انتہا اور اس کے مقابل اوپر کے تالو، ''ق'' کے مخرج سے ذرا منہ کی طرف ہٹ کر نرمی سے ادا ہوتا ہے، جیسے: اُكْ۔
ج، ش، ی غیر مدّہ	: زبان کے بیچ اور اس کے مقابل اوپر کے تالو سے ادا ہوتے ہیں، جیسے: اُجْ، اُشْ، اُیْ۔
ض	: زبان کی کروٹ اور اوپر کے ڈاڑھوں کی جڑ سے ادا ہوتا ہے، جیسے: اُضْ۔
ل	: زبان کا کنارہ اور اوپر کے سامنے والے آٹھ دانتوں کے مسوڑھوں سے ادا ہوتا ہے، جیسے: اُلْ۔
ن	: زبان کا کنارہ اور اوپر کے سامنے کے ایک نوکیلے دانت سے لے کر دوسرے نوکیلے دانت کے مسوڑھوں سے ادا ہوتا ہے، جیسے: اُنْ۔

ر	: زبان کے کنارے اور پشت اور اوپر کے سامنے کے چار دانتوں کے مسوڑھوں سے ادا ہوتی ہے، جیسے: اُرْ۔
ت د ط	: زبان کی نوک اور سامنے کے اوپر والے دو دانتوں کی جڑ سے ادا ہوتے ہیں۔ جیسے: اُتْ، اُدْ، اُطْ۔
ث ذ ظ	: زبان کی نوک اور سامنے کے اوپر والے دو دانتوں کے کنارے سے ادا ہوتے ہیں، جیسے: اُثْ، اُذْ، اُظْ۔
ز س ص	: زبان کی نوک اور سامنے کے اوپر نیچے والے چار دانتوں کے کنارے سے ادا ہوتے ہیں، جیسے: اُزْ، اُسْ، اُصْ۔
ف	: نیچے کے ہونٹ کے گیلے حصے اور سامنے کے اوپر والے دو دانتوں کے کنارے سے ادا ہوتا ہے، جیسے: اُفْ۔
ب	: دونوں ہونٹوں کے گیلے حصے سے ادا ہوتا ہے، جیسے: اُبْ۔
م	: دونوں ہونٹوں کے خشک حصے سے ادا ہوتا ہے، جیسے: اُمْ۔
و غیر مدہ	: دونوں ہونٹوں کو گول کرنے سے ادا ہوتا ہے، جیسے: اَوْ۔

نوٹ: ○ ان حروف کو ہمیشہ پُر پڑھیں۔ خ، ص، ض، غ، ط، ق، ظ۔

○ ان حروف کی ادائیگی میں دھیان رکھنے کی سخت ضرورت ہے، تاکہ ان حروف کی آواز کا فرق معلوم ہو جائے۔ ء ع، ث س ص، ط ت، ذ ظ ث، د ض، ظ ض، ق ك، ح ہ۔

نقطے

٭	٭٭	٭٭٭

۱ پہلے مہینے میں ۲ دن پڑھائیں

تختی نمبر ا سبق ا مفردات (حروفِ تہجی)

ا	ب	ت	ث	ج
ح	خ	د	ذ	ر
ز	س	ش	ص	ض

DEENIYAT

ط	ظ	ع	غ	ف
ق	ك	ل	م	ن
و	ه	ء	ی	

ا پہلے مہینے میں ۱۸ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۲ حروف کی پہچان

ا اَلِفُ	ب بَا	ت تَا	ث ثَا

ت	ا	ب	ث	ب	ا
ث	ب	ت	ا	ت	ث

ت	ا	ب	ت	ب	ا	ب	ت
ب	ث	ت	ب	ا	ت	ث	ا
ث	ت	ا	ث	ب	ث	ت	ث

DEENIYAT

ب	ث	ب	ا	ث	ت	ب	ا
ا	ت	ا	ث	ت	ا	ث	ب

۲ دوسرے مہینے میں ۲ دن پڑھائیں

سبق ۳

ا ب ت ث

ج جِیْمْ	ح حَا	خ خَا

ح	خ	ج	خ	ج	ح
خ	ح	ج	ح	خ	ج

ا	ت	ث	خ	ب	ح	ت	ث
ب	خ	ث	ا	ح	ت	ث	ج
ا	ج	خ	ث	ت	ح	ت	خ
ب	ث	ب	ا	ث	ت	ب	ا

۲ دوسرے مہینے میں ۲ دن پڑھائیں

سبق ۴

ا ب ت ث ج ح خ

دَالْ د ذَالْ ذ رَا ر زَا ز

ذ ر ز ذ د ر

ذ ر د ز ذ ر

ت خ ث ج ب ر ت ا

ب ت ا خ ذ د ح ث

ز ح ذ ج د ز ر ت

ب ت ث ا ح ت ث ج

۲ دوسرے مہینے میں ۲ دن پڑھائیں

سبق ۵

ا ب ت ث ج ح خ

د ذ ر ز

س سِیْنْ	ش شِیْنْ	ص صَادْ	ض ضَادْ

ش	ص	ض	س	ض	ص
ص	س	ض	ش	س	ش

س	ا	ذ	ت	ز	ث	ض	ب
ر	ح	ش	ص	ض	ج	خ	ث
ذ	د	خ	ث	ب	ز	ذ	ش

۲ دوسرے مہینے میں ۳ دن پڑھائیں

سبق ۶

ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د
ذ	ر	ز	س	ش	ص	ض	

ط طَا	ظ ظَا	ع عَیْنْ	غ غَیْنْ

ط	ع	ظ	غ	ط	ع

ظ	غ	ظ	ط	ع	غ

ح	ظ	ع	خ	ث	ر	غ	ذ
ب	ط	ص	ز	ض	ج	ح	س
ذ	د	ت	ش	ب	ز	ا	ش

٢ دوسرے مہینے میں ٣ دن پڑھائیں

سبق ۷

ا ب ت ث ج ح خ د

ذ ر ز س ش ص ض

ط ظ ع غ

ف فَا	ق قَافْ	ك كَافْ	ل لَامْ

ق	ك	ل	ف	ك	ق
ل	ف	ق	ل	ك	ف

ج	ط	ا	ق	ث	ص	ف	ب
ظ	ش	غ	ع	ض	خ	ذ	ز
ض	ح	ل	ك	س	ت	ر	د

۲ دوسرے مہینے میں ۲ دن پڑھائیں

سبق ۸

ا ب ت ث ج ح خ د

ذ ر ز س ش ص ض

ط ظ ع غ ف ق ك ل

م مِیْمْ	ن نُوْنْ	و وَاوْ

ن	و	م	و	م	ن
ن	م	و	م	ن	و

ق	س	ظ	غ	ض	ن	ث	ب

ج	ط	ا	ص	ز	ح	ظ	ت
ذ	ك	و	ع	م	خ	ل	و

۲ دوسرے مہینے میں ۲ دن پڑھائیں

سبق ۹

ا ب ت ث ج ح خ د

ذ ر ز س ش ص ض

ط ظ ع غ ف ق

ك ل م ن و

ه هَا	ء هَمْزَهْ	ی یَا

ء	ه	ی	ه	ی	ء
ی	ء	ه	ء	ه	ی

و	ج	ظ	غ	ض	ن	ث	ب
ی	ط	ء	ص	ز	ہ	ر	ت

۲ دوسرے مہینے میں ۲ دن پڑھائیں

سبق ۱۰

حروف تہجی کی مکمل تختی

ا	ب	ت	ث	ج
ح	خ	د	ذ	ر
ز	س	ش	ص	ض
ط	ظ	ع	غ	ف
ق	ك	ل	م	ن
و	ہ	ء	ی	

۲ دوسرے مہینے میں ۲ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

تختی نمبر۲ سبق ۱ مرکب (ملے ہوئے) حروف کی شکلیں

ا ـا ـا	ب بـ ـبـ	ت تـ ـتـ
ث ثـ ـثـ	ج جـ ـجـ	ح حـ ـح
خ خـ ـخـ	د ـد	ذ ـذ
ر ـر	ز ـز	س سـ ـسـ
ش شـ ـشـ	ص صـ ـصـ	ض ضـ ـضـ
ط ط ـط	ظ ظ ـظ	ع عـ ـعـ
غ غـ ـغـ	ف فـ ـفـ	ق قـ ـق
ك کـ ـکـ	ل لـ ـلـ	م مـ ـمـ
ن نـ ـنـ	و ـو	ہ ھـ ـھـ ـہ

ء ئـ ـئـ	ی یـ ـیـ

۳ تیسرے مہینے میں ۱۰ دن پڑھائیں

سبق ۲ مرکب حروف کی مشق

ا ـا ـا	اب	بـا	امـ	مـا	الـ	لا	اك	كا
بـ ـبـ تـ ـتـ ثـ ـثـ	ببـ	بجـ	بتـر	تتـ	ثـن	لثـ	بقـ	تفـ
جـ ـجـ حـ ـحـ خـ ـخـ	جب	جل	حجب	حل	لح			
	حى	خف	خس	خق	مخ			
د ـد ر ـر ذ ـذ ز ـز	دب	بد	بدن	ذر	بذل	لذ		
	رس	سر	زم	مز	زر	زن		
سـ ـسـ شـ ـشـ صـ ـصـ ضـ ـضـ	سج	سل	مسد	شر	شط	طش		
	صب	بص	بصل	ضا	كض	نضر		
ط ظ	طب	بط	بطل	حط	ظر	لظ	ظك	كظ
عـ ـعـ غـ ـغـ	عش	شع	عد	فعل	غل	لغ	غم	مغ
فـ ـفـ ف قـ ـقـ ق	فت	فر	صف	قفس	قد	قط	حق	حقا

ک ک ک ل ل	کج	جلک	لن	بلد	خل	لکم	کل	
م ـمـ ـم ن ـنـ	مل	بم	عم	بمن	نف	منہ	کن	عن
و ـو ھ ـھـ ـہ	سو	وس	ذو	شو	ھل	بھم	لہ	ھب
أ ئ ؤ ئ ؤ ئ	ئم	فئہ	ید	فیہ	یو	مأ	یؤ	مرئ

۳ تیسرے مہینے میں ۱۰ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۳ مرکب حروف کے شروع، درمیان اور آخر میں ہونے کی مشق

حقا	بحر	تبع	ختم	ثمر
کثر	جبل	حجج	سخر	عدل
سمع	مسک	شیم	بشر	صبر

DEENIYAT

بصر	فعل	فهم	قفس	بكر
لحق	ملك	نمو	عنب	هضم
	فيه	يلد	ليس	

۴ چوتھے مہینے میں ۵ دن پڑھائیں

تختی نمبر ۳ — حرکت کا بیان

① زبر ـَــ، زیر ـِــ اور پیش ـُــ کو ''حرکت'' کہتے ہیں۔

② جس حرف پر زبر، زیر یا پیش ہو اس کو ''متحرّک'' کہتے ہیں۔

③ متحرّک حرف کو جلدی پڑھیں، ذرا بھی نہ کھینچیں جیسے : بَسْ کی بَا۔

④ الف ہمیشہ (حرکت اور جزم سے) خالی ہوتا ہے اور ہمزہ کبھی خالی نہیں ہوتا۔

سبق ۱ — زبر ـَــ

''زبر'' والے حرف کو جلدی پڑھیں، ذرا بھی نہ کھینچیں۔

أَ	بَ	تَ	ثَ	جَ	حَ	خَ
دَ	ذَ	رَ	زَ	سَ	شَ	صَ

ضَ	طَ	ظَ	عَ	غَ	فَ	قَ
كَ	لَ	مَ	نَ	وَ	هَ	ءَ
			يَ			

دو حرف والے کلمات پر زبر کی مشق

فَعَ	ضَعَ	لَكَ	كَاَ	بَرَ	فَرَ
نَفَ	حَجَ	اَرَ	وَلَ	دَرَ	جَدَ

فَعَ : فازبر فَ، عین زبر عَ = فَعَ ۔

تین حرف والے کلمات پر زبر کی مشق

دَرَسَ	وَدَعَ	عَبَدَ	كَسَبَ	دَخَلَ	بَلَغَ
وَجَدَ	بَصَرَ	سَجَدَ	مَجَدَ	لَحَدَ	سَمَكَ
اَخَذَ	مَثَلَ	فَطَرَ	عَدَدَ	قَمَرَ	اَحَدَ

دَرَسَ: دال زبر دَ، راز بر رَ، دَرَ، سین زبر سَ = دَرَسَ ۔

۴ چوتھے مہینے میں ۱۳ دن پڑھائیں

سبق ۲ زیر ـِ

''زیر'' والے حرف کو جلدی پڑھیں، ذرا بھی نہ کھینچیں۔ معروف پڑھیں، مجہول سے بچیں۔
(زیر کی آواز نیچے کو جاتی ہے)

اِ	بِ	تِ	ثِ	جِ	حِ	خِ
دِ	ذِ	رِ	زِ	سِ	شِ	صِ
ضِ	طِ	ظِ	عِ	غِ	فِ	قِ
كِ	لِ	مِ	نِ	وِ	هِ	ءِ
			يِ			

دو حرف والے کلمات پر زیر کی مشق

اِبِ	بِلِ	بِهِ	لِيَ	فِيَ	اِرَ	بَرِ
	ئِقَ	رَتِ	ئِكَ	گوِ	جَزِ	

اِبِ : ہمزہ زیر اِ، با زیر بِ = اِبِ۔

تین حرف والے کلمات پر زیر کی مشق

اِبِلِ	رَدِفَ	حَمِدَ	شَهِدَ	بَخِلَ
سَخِرَ	رَحِمَ	لَعِبَ	شَرِبَ	عَمِلَ

DEENIYAT

بَرِقَ	خَطِفَ	جَزِعَ	سَقِمَ	غَشِيَ

اِبِلِ : ہمزہ زیر اِ، با زیر بِ ، اِبِ، لام زیر لِ = اِبِلِ۔

۴	۵	مہینے میں	۱۱	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۳ — پیش ـُـ

”پیش“ والے حرف کو جلدی پڑھیں، ذرا بھی نہ کھینچیں۔ معروف پڑھیں، مجہول سے بچیں۔
(پیش کی آواز آگے کو جاتی ہے اور ہونٹ گول ہوتے ہیں)

اُ	بُ	تُ	ثُ	جُ	حُ	خُ
دُ	ذُ	رُ	زُ	سُ	شُ	صُ
ضُ	طُ	ظُ	عُ	غُ	فُ	قُ
كُ	لُ	مُ	نُ	وُ	هُ	ءُ
			يُ			

دو حرف والے کلمات پر پیش کی مشق

لُثُ	كُفُ	حُفُ	تُبُ	كُتُ	خُلُ	حَرُ
	غُزَ	كُلُ	لَهُ	لُقَ	هُدَ	

لُثُ : لام پیش لُ، ثا پیش ثُ = لُثُ۔

تین حرف والے کلمات پر پیش کی مشق

رُسُلُ	سُدُسُ	صُحُفُ	كَرُمَ	قَلَمُ
بَلَدُ	قُدِرَ	نُصِرَ	قُتِلَ	نَضَعُ
حَرُمَ	حَجَرُ	شَجَرُ	بَعُدَ	قَرُبَ

رُسُلُ : راپیش رُ، سین پیش سُ، رُسُ، لام پیش لُ = رُسُلُ۔

۵ پانچویں مہینے میں 11 دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۴ حرکت کی عمومی مشق

كَمَثَلِ	وَجَعَلَ	وَبَسَرَ	فَبَصُرَ	فَسَجَدَ
وَرَجِلِ	فَفَزِعَ	خَلَقَكَ	وَوَقَعَ	وَجُمِعَ
رَزَقَكَ	ذَرَاكَ	وَيَرِثُ	فَقُتِلَ	وَجَدَكَ
فَبُهِتَ	اَعِظُكَ	رُسُلِكَ	وَقَعَتِ	شَجَرَةُ

٦ چھٹے مہینے میں ٧ دن پڑھائیں

تختی نمبر سبق ا سکون (جزم) ـــُـ کا بیان

سکون کو ''جزم'' بھی کہتے ہیں، جس حرف پر جزم ہو اس کو ''ساکن'' کہتے ہیں۔ ساکن حرف کو اس سے پہلے والے حرف سے ملا کر پڑھیں۔

سکون کی مثالیں زبر کے ساتھ

مثلاً: اَبْ: ہمزہ با زبر = اَبْ۔ بَتْ: با تا زبر = بَتْ۔

بَتْ	حَثْ	گَجْ	مَحْ	بَخْ
شَذْ	اَهْلَ	عَرْضَ	گَشْفَ	نَصْرَ
حَمْدَ	بَعْدَ	اَسْفَرْ	اَمْلَمْ	اَسْلَمْ
	نَفْعَلْ	اَكْبَرْ	عَسْعَسْ	

سکون کی مثالیں زیر کے ساتھ

مثلاً: نِبْ: نون با زیر = نِبْ۔ وِتْ: واو تا زیر = وِتْ۔

بِسْ	حِصْ	عِظْ	مِعْ	صِغْ
صِفْ	مِلْكَ	مِلْحُ	طِفْلُ	ذِكْرَ
زِلْتَ	كِبْرُ	اَكْرِمْ	اَنْزِلْ	تَمْلِكْ
	اَحْسِنْ	يَغْفِرْ	مَسْجِدْ	

سکون کی مثالیں پیش کے ساتھ

مثلاً : دُفْ : دال فا پیش = دُفْ - هُمْ : ھا میم پیش = هُمْ -

دُفْ	بُكْ	دُلْ	هُمْ	كُنْ
قُلْ	مُلْكُ	حُزْنُ	اُذْنُ	قُلْتُ
فُلْكُ	حُسْنُ	هُدْهُدْ	قُلْتُمْ	اُدْخُلْ
	يُبْعَثُ	يُغْفَرُ	يُشْهَدُ	

سکون کی مشق تینوں حرکتوں کے ساتھ

نَفْعَلُ	وَعْدَكُ	اِحْمِلْ	اِهْبِطْ	قُلْتُمْ
اَحْسِنْ	اَمْهِلْ	عَنْهُمْ	يَحْكُمْ	اِرْحَمْ
طِبْتُمْ	خِفْتُمْ	يُبْعَثُ	مُهْلِكُ	تُسْمِعُ

٦ | ٧ مہینے میں | ١٦ | دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۲ ہمزۂ ساکنہ کا بیان

ہمزۂ ساکنہ کو جھٹکے کے ساتھ پڑھیں گے۔

ہمزہ کبھی الف کی شکل میں، کبھی واو کی شکل میں اور کبھی یا کی شکل میں ہوتا ہے۔

بِئْ	تُؤْ	يُؤْ	يَأْ	بَأْ
يَأْبَ	ضَأْنِ	كَأْسَ	نَأْتِ	شَأْنُ
يُؤْتِكُمْ	يُؤْخَذْ	يُؤْمِنُ	يُؤْتِ	مُؤْمِنُ
بِئْرَ	ذِئْبَ	شِئْتَ	بِئْسَ	جِئْتَ

۷ ساتویں مہینے میں ۵ دن پڑھائیں

تختی نمبر ۵ — حروفِ مدّہ کا بیان

حروف مدہ تین ہیں: (۱) الف مدّہ (۲) یا مدّہ (۳) واو مدّہ۔

حروف مدہ کو ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھیں۔

سبق ا — الف مدہ ـَـا

الف سے پہلے زبر ہوتا ہے اور الف ہمیشہ مدہ ہوتا ہے۔ جیسے: بَا الف زبر بَا۔

خَا	حَا	جَا	ثَا	تَا	بَا	ءَا
صَا	شَا	سَا	زَا	رَا	ذَا	دَا
قَا	فَا	غَا	عَا	ظَا	طَا	ضَا

يَا	هَا	وَا	نَا	مَا	لَا	كَا

مشق

لَهَا	كَذَا	تَابَ	خَافَ	زَادَ
دَعَانَا	شَارَبَ	جُنَاحُ	حَاسَبَ	جَاهَدَ
	كَانَتَا	فَقَالَا		

زَادَ : زا الف زبر زَا، دال زبر دَ = زَادَ۔

۷ ساتویں مہینے میں ۸ دن پڑھائیں

سبق ۲ یامدّہ ــِ یْ

یاساکن سے پہلے زیر ہوتو ''یامدّہ'' ہوتی ہے۔جیسے : با یا زیر بِیْ۔

خِيْ	حِيْ	جِيْ	ثِيْ	تِيْ	بِيْ	اِيْ
صِيْ	شِيْ	سِيْ	زِيْ	رِيْ	ذِيْ	دِيْ
قِيْ	فِيْ	غِيْ	عِيْ	ظِيْ	طِيْ	ضِيْ
ئِيْ	هِيْ	وِيْ	نِيْ	مِيْ	لِيْ	كِيْ
			يِيْ			

مشق

دِیْنِیْ	فِیْهِ	اَرِنِیْ	دُوْنِیْ	اُجِیْبُ
یُوَارِیْ	مَفَاتِیْحُ	رَازِقِیْنَ	مُؤْمِنِیْنَ	عَذَابِیْ
تَمَاثِیْلُ	مَقَادِیْرُ			

دِیْنِیْ : دال یا زیر دِیْ، نون یا زیر نِیْ = دِیْنِیْ۔

۷	۸	مہینے میں	۷	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۳ واوِ مدّہ ـُ وْ

واوساکن سے پہلے پیش ہوتو ''واوِ مدّہ'' ہوتا ہے۔ جیسے : با واوپیش بُوْ۔

اُوْ	بُوْ	تُوْ	ثُوْ	جُوْ	حُوْ	خُوْ
دُوْ	ذُوْ	رُوْ	زُوْ	سُوْ	شُوْ	صُوْ
ضُوْ	طُوْ	ظُوْ	عُوْ	غُوْ	فُوْ	قُوْ
كُوْ	لُوْ	مُوْ	نُوْ	وُوْ	هُوْ	ءُوْ
یُوْ						

مشق

نُوحُ	طُورُ	نُورُ	يُوحِیْ	يَقُومُ
تَكُونُ	هَارُونُ	قَارُونُ	دَاخِرُونَ	سَبَقُونَا
بَاسِطُونَ	رَاجِعُونَ			

نُوحُ: نون واو پیش نُوْ، حا پیش حُ = نُوحُ۔

عمومی مشق

جَمَعَ	طَاغُوتَ	قُتِلَتْ	صَحِبَ	كَلَامَ
رَشِيدُ	حَاوَلَ	عُرِفَ	نَافَقَ	يَقُولُ
مُحِيطُ	ثَمُودُ	قَابِلُ	جَبَلُ	اُمِرتُ
يَكُونُ	رِيحَ			

۸ آٹھویں مہینے میں ۱۰ دن پڑھائیں

کھڑا زبر، کھڑا زیر اور اُلٹا پیش

کھڑا زبر ـٰ، کھڑا زیر ـٖ اور اُلٹا پیش ـٗ کو ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھیں گے۔

سبق ۴ کھڑا زبر ـٰـ

کھڑا زبر الف مدّہ کے برابر ہوتا ہے۔ بٰا کھڑا زبر بٰ = با الف زبر بَا۔

اٰ	بٰ	تٰ	ثٰ	جٰ	حٰ	خٰ
دٰ	ذٰ	رٰ	زٰ	سٰ	شٰ	صٰ
ضٰ	طٰ	ظٰ	عٰ	غٰ	فٰ	قٰ
كٰ	لٰ	مٰ	نٰ	وٰ	هٰ	ءٰ
			یٰ			

مشق

اٰدَمَ	اٰمَنَ	مٰلِكِ	اٰبَاؤُهُ	سَمٰوٰتِ
غٰوِيْنَ	يُصٰلِحُ	اِلٰهُنَا	هٰذَا	كِتٰبُ
رِسٰلٰتِ	ذٰلِكَ			

اٰدَمَ: ہمزہ کھڑا زبر اٰ، دال زبر دَ، اٰدَ، میم زبر مَ = اٰدَمَ۔

۸ آٹھویں مہینے میں ۶ دن پڑھائیں

سبق ۵ کھڑا زیر ٖ

کھڑا زیر ٖ یا مدّہ کے برابر ہوتا ہے۔ با کھڑا زیر بٖ = با یا زیر بِیْ۔

خٖ	حٖ	جٖ	ثٖ	تٖ	بٖ	اٖ
صٖ	شٖ	سٖ	زٖ	رٖ	ذٖ	دٖ
قٖ	فٖ	غٖ	عٖ	ظٖ	طٖ	ضٖ
ءٖ	هٖ	وٖ	نٖ	مٖ	لٖ	كٖ
			يٖ			

مشق

نُوْرِهٖ	رُسُلِهٖ	عِبَادِهٖ	بِهٖ	اَلْفِ
وَكُتُبِهٖ	بِكَلِمٰتِهٖ	بِاٰيٰتِهٖ	هٰذِهٖ	وَقِيْلِهٖ
		بِتَأْوِيْلِهٖ	بِيَمِيْنِهٖ	

اَلْفِ: ہمزہ کھڑا زیر اٖ، لام کھڑا زبر لٰ، اٖلٰ، فا زیر فِ = اَلْفِ۔

۸ ۹ مہینے میں ۶ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ٦ اُلٹا پیش ٗ

اُلٹا پیش ٗ واو مدّہ کے برابر ہوتا ہے۔ بٗ اُلٹا پیش بٗ = بٗ واو پیش بُوْ۔

اٗ	بٗ	تٗ	ثٗ	جٗ	حٗ	خٗ
دٗ	ذٗ	رٗ	زٗ	سٗ	شٗ	صٗ
ضٗ	طٗ	ظٗ	عٗ	غٗ	فٗ	قٗ
كٗ	لٗ	مٗ	نٗ	وٗ	هٗ	ءٗ
			یٗ			

مشق

لَهٗ	دَاوٗدَ	رَسُوْلُهٗ	اٰيَاتُهٗ	جُنُوْدُهٗ
تِلَاوَتُهٗ	وَرِثَهٗ	مَوَازِيْنُهٗ	جَعَلَهٗ	مَاوٗرِیَ
	غَاوٗنَ	قَرِيْنُهٗ		

دَاوٗدَ: دال الف زبر دَا، واو اُلٹا پیش وٗ، دَاوٗ، دال زبر دَ = دَاوٗدَ۔

۹ نویں مہینے میں ٦ دن پڑھائیں

DEENIYAT

تختی نمبر ۶ حروفِ لین کا بیان

حروفِ لین دو ہیں (۱) واولین (۲) یائے لین، جب کہ وہ ساکن ہوں اور ان سے پہلے زبر ہو۔
حروفِ لین کو نرم آواز کے ساتھ جلدی پڑھیں، معروف پڑھیں، مجہول پڑھنے سے بچیں۔

سبق ۱ واولین ـَـ وۡ

واو ساکن سے پہلے زبر ہو تو ''واولین'' ہوگا۔ جیسے: بَا واو زبر بَوۡ۔

اَوۡ	بَوۡ	تَوۡ	ثَوۡ	جَوۡ	حَوۡ	خَوۡ
دَوۡ	ذَوۡ	رَوۡ	زَوۡ	سَوۡ	شَوۡ	صَوۡ
ضَوۡ	طَوۡ	ظَوۡ	عَوۡ	غَوۡ	فَوۡ	قَوۡ
كَوۡ	لَوۡ	مَوۡ	نَوۡ	وَوۡ	هَوۡ	ءَوۡ
			يَوۡ			

مشق

اَوۡفِ	حَوۡلَ	صَوۡمُ	سَوۡفَ	مَوۡتُ
فَوۡزُ	كَوۡثَرَ	بَغَوۡتَ	شَرَوۡهُ	دَعۡوَتُ
بَنَوۡهَا	بَلَوۡنَا			

اَوۡفِ: ہمزہ واو زبر اَوۡ، فا زیر فِ = اَوۡفِ۔

۹ نویں مہینے میں ۶ دن پڑھائیں

سبق ۲

یائے لین ـــَــ یْ

یا ساکن سے پہلے زبر ہو تو ''یائے لین'' ہو گی۔ جیسے: بَا یا زبر بَیۡ۔

اَیۡ	بَیۡ	تَیۡ	ثَیۡ	جَیۡ	حَیۡ	خَیۡ
دَیۡ	ذَیۡ	رَیۡ	زَیۡ	سَیۡ	شَیۡ	صَیۡ
ضَیۡ	طَیۡ	ظَیۡ	عَیۡ	غَیۡ	فَیۡ	قَیۡ
کَیۡ	لَیۡ	مَیۡ	نَیۡ	وَیۡ	هَیۡ	ئَیۡ
			یَیۡ			

مشق

اَیۡنَ	صَیۡفِ	اِلَیۡكَ	غَیۡرِیۡ	عَلَیۡهَا
اَوۡحَیۡتُ	اَبَوَیۡهِ	عَیۡنَیۡنِ	بَنَیۡنَا	هَیۡهَاتَ
	لَا رَیۡبَ	سُلَیۡمٰنَ		

اَیۡنَ : ہمزہ یا زبر اَیۡ، نون زبر نَ = اَیۡنَ۔

۹ | ۱۰ مہینے میں | ۵ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

حروفِ مدہ اور حروفِ لین کی مشق

بَیْنِیْ	بِاَیْدِیْ	رَازِقِیْنَ	عَیْنَیْنِ
مَوْعُوْدُ	مَکَانَ	یَسْتَوْفُوْنَ	رُءُوْسِهِمْ
فِرْعَوْنَ	عَلَیْهِمْ	هَیْهَاتَ	یَرَوْنَهَا
سَیَعْلَمُوْنَ	کٰفِرُوْنَ	کَیْدِیْ	یَسْمَعُوْنَ

۱۰ دسویں مہینے میں ۳ دن پڑھائیں

تختی نمبر — تنوین کا بیان

دو زبر ــً، دو زیر ــٍ اور دو پیش ــٌ کو "تنوین" کہتے ہیں۔

تنوین کی آواز ناک میں جاتی ہے۔ جیسے : با دو زبر بًا، با دو زیر بٍ، با دو پیش بٌ۔

سبق ۱ — دو زبر کی تنوین ــً

○ جس حرف پر دو زبر ہو اس حرف کے آگے الف لکھا جاتا ہے۔

ءًا	بًا	تًا	ثًا	جًا	حًا	خًا
دًا	ذًا	رًا	زًا	سًا	شًا	صًا

ضًا	طًا	ظًا	عًا	غًا	فًا	قًا
كًا	لًا	مًا	نًا	وًا	هًا	ءًا
			يًا			

۱۰ دسویں مہینے میں ۳ دن پڑھائیں

سبق ۲ دوزیر کی تنوین ٍ

اٍ	بٍ	تٍ	ثٍ	جٍ	حٍ	خٍ
دٍ	ذٍ	رٍ	زٍ	سٍ	شٍ	صٍ
ضٍ	طٍ	ظٍ	عٍ	غٍ	فٍ	قٍ
كٍ	لٍ	مٍ	نٍ	وٍ	هٍ	ءٍ
			يٍ			

۱۰ دسویں مہینے میں ۳ دن پڑھائیں

سبق ۳ دوپیش کی تنوین ٌ

اٌ	بٌ	تٌ	ثٌ	جٌ	حٌ	خٌ

صٌّ	شٌّ	سٌّ	زٌّ	رٌّ	ذٌّ	دٌّ
قٌّ	فٌّ	غٌّ	عٌّ	ظٌّ	طٌّ	ضٌّ
ءٌّ	هٌّ	وٌّ	نٌّ	مٌّ	لٌّ	كٌّ
			يٌّ			

۱۰ دسویں مہینے میں ۳ دن پڑھائیں

تختی نمبر ۸ نون ساکن کا بیان

جس نون پر سکون (جزم) ہو اس کو "نون ساکن" کہتے ہیں۔
نون ساکن اور تنوین کی آواز برابر ہوتی ہے۔ جیسے : با دوزبر بًا = با نون زبر بَنْ۔

تًا	تَنْ	تٍ	تِنْ	تٌّ	تُنْ
ثًا	ثَنْ	ثٍ	ثِنْ	ثٌّ	ثُنْ
جًا	جَنْ	جٍ	جِنْ	جٌّ	جُنْ
دًا	دَنْ	دٍ	دِنْ	دٌّ	دُنْ

۱۰ دسویں مہینے میں ٦ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

۱- قرآن

تعریف

حفظ سورۃ : قرآن کریم کی کسی سورۃ کے یاد کرنے کو ''حفظ سورۃ'' کہتے ہیں۔

ترغیبی بات

حدیث: اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: (قیامت کے دن) صاحب قرآن (حافظ) سے کہا جائے گا: قرآن شریف پڑھتا جا اور جنت کے درجوں پر چڑھتا جا، اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھ جیسا کہ تو دنیا میں ٹھہر ٹھہر کر پڑھتا تھا۔ بس تیرا مقام وہی ہوگا جہاں تیری آخری آیت کی تلاوت ختم ہوگی۔ [ابوداؤد: ۱۴۶۴، عن عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما]

حدیث: اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: جس شخص کے دل میں قرآن کریم کا کوئی حصہ بھی محفوظ نہیں، وہ ویران گھر کی طرح ہے۔ [ترمذی: ۲۹۱۳، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما]

لہٰذا قرآن کریم کو حفظ کرنا چاہیے، کم از کم اتنا تو ضرور یاد ہونا چاہیے جس سے نماز صحیح ہو جائے۔

ہدایت برائے استاذ

اس مضمون میں سورۂ فاتحہ کے علاوہ چار سورتیں ''سورۂ لہب، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس'' دی گئی ہیں۔ ہر سورۃ کو یاد کرانے کے لیے دن متعین کیے گئے ہیں۔

طلبہ کو سورتیں یاد کرانے سے متعلق سب سے اہم ہدایت یہ ہے کہ اجتماعی طور پر تجوید کی مکمل رعایت کے ساتھ پڑھائیں۔ ہر سورۃ کو پہلے کچھ دن خود پڑھائیں پھر طلبہ سے باری باری پڑھوائیں، اس طرح یہ سورتیں طلبہ کو یاد ہو جائیں گی۔

۱- قرآن

[حفظِ سورة]

حفظ سورة

سبق ۱ — تعوّذ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝

۱ پہلے مہینے میں ۱۰ دن پڑھائیں

سبق ۲ — تسمیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

۱ پہلے مہینے میں ۱۰ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۳ — سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١ لا الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢ لا

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣ ط اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤ ط

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥ لا صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

عَلَيْهِمْ ۵ لا غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ۝٧ ع

۲ ۳ مہینے میں ۴۰ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

DEENIYAT

۱- قرآن

[حفظِ سورۃ]

حفظِ سورۃ

سبق ۴ — سُوْرَةُ اللَّهَبِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

تَبَّتْ يَدَآ اَبِىْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ؕ ﴿۱﴾ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا
كَسَبَ ؕ ﴿۲﴾ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۚۖ ﴿۳﴾ وَّامْرَاَتُهٗ ؕ
حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۚ ﴿۴﴾ فِىْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۧ ﴿۵﴾

۴	۵	مہینے میں	۲۵	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۵ — سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ﴿۳﴾
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ ﴿۴﴾

۵	پانچویں مہینے میں	۱۵	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ٦ — سُوْرَةُ الْفَلَقِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ
غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ۙ ﴿۴﴾
وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۧ ﴿۵﴾

٦	چھٹے مہینے میں	۲۰	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

DEENIYAT

۱- قرآن

[حفظِ سورة]

سبق ۷ سُوْرَةُ النَّاسِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿﴾

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ۵ الْخَنَّاسِ ۖ﴿۴﴾ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ
صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾ ع

۷	ساتویں مہینے میں	۲۰	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۸

تعوذ، تسمیہ اور سورۂ فاتحہ کا دور

۸	آٹھویں مہینے میں	۲۰	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۹

سورۂ لہب اور سورۂ اخلاص کا دور

۹	نویں مہینے میں	۲۰	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۱۰

سورۂ فلق اور سورۂ ناس کا دور

۱۰	دسویں مہینے میں	۲۰	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

DEENIYAT

۲۔ حدیث

[دُعا وسنت]

تعریف

دُعا وسنت: اللہ تعالیٰ سے مانگنے کو ''دُعا'' اور ہمارے نبی ﷺ کے طریقے کو ''سنت'' کہتے ہیں۔

ترغیبی بات

حدیث: اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے یہاں سب سے زیادہ پسندیدہ عمل دُعا ہے۔
[مستدرک: ۱۸۰۱، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ]

حدیث: اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: جس نے میری امت میں بگاڑ کے وقت میری سنت کو مضبوطی سے پکڑا، تو اس کے لیے شہید کا ثواب ہے۔ [معجم کبیر: ۱۳۲۰، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ]

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی زندگی ہمارے لیے کامل نمونہ ہے، لہٰذا آپ ﷺ کی زندگی کو جاننا ضروری ہے؛ کس موقع پر آپ ﷺ نے کیا عمل کیا؟ آپ ﷺ کی کیا سنت ہے؟ اور کن کن مواقع پر آپ ﷺ نے کون کون سی دعائیں پڑھیں؟ ان تمام کو سیکھنا اور ان پر عمل کرنا بہت ضروری ہے، اسی پر آخرت میں کامیابی اور دنیا میں چین وسکون اور عزت کے وعدے ہیں اور یہی زندگی اللہ کو پیاری ہے۔

ہدایت برائے استاذ

اس عنوان کے تحت کھانے پینے، سونے، بیت الخلا جانے وغیرہ کی دُعائیں اور کھانے پینے کی سنتیں ذِکر کی گئی ہیں۔ نیز خاص خاص موقعوں پر کہے جانے والے ۵؍مسنون کلمات کو ذکر کیا گیا ہے، جو ہر مسلمان کی زبان پر ہونے چاہیے۔ جیسے: ''بِسْمِ اللهِ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ، جَزَاكَ اللهُ ''وغیرہ۔

دعائیں اور سنتیں طلبہ کو اجتماعی طور پر یاد کرادیں اور دعاؤں کے ترجمے اگر آسانی سے یاد کرلیں تو بہتر ہے، ورنہ ان کے یاد کرانے پر زیادہ زور نہ دیں۔ اس بات کی پوری کوشش کریں کہ طلبہ اپنی عملی زندگی میں ان دعاؤں اور سنتوں کا اہتمام کریں، اس لیے وقتاً فوقتاً پیار محبت سے عمل کی ترغیب بھی دیتے رہیں اور اس کی نگرانی بھی کرتے رہیں اور اپنے بھائی بہن اور والدین کو سکھانے کی ہدایت بھی دیتے رہیں۔

۲۔ حدیث

[دُعاوسنت]

سبق ۱ کھانے سے پہلے کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ

[ترمذی:۱۸۵۸،عن عائشہ رضی اللہ عنہا]

ترجمہ: میں اللہ کے نام سے کھانا شروع کرتا ہوں۔

۱	پہلے مہینے میں	۴	دن پڑھائیں

سبق ۲ شروع میں دُعا پڑھنا بھول جائے تو یہ دُعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ أَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ

[ابوداؤد:۳۷٦۷،عن عائشہ رضی اللہ عنہا]

ترجمہ: شروع اور آخر میں اللہ کا نام لے کر کھاتا ہوں۔

۱	پہلے مہینے میں	۷	دن پڑھائیں

سبق ۳ کھانے کے بعد کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ

[ترمذی:۳۴۵۷،عن ابی سعید رضی اللہ عنہ]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں کھلایا پلایا اور مسلمان بنایا۔

۱	پہلے مہینے میں	۹	دن پڑھائیں	تاریخ		دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۴ کھانے کی سنتیں

① دسترخوان بچھانا۔ [بخاری:۵۴۱۵،عن انس رضی اللہ عنہ]

② دونوں ہاتھ (گٹّوں تک) دھونا۔ [ترمذی:۱۸۴٦،عن سلمان رضی اللہ عنہ]

۲۔ حدیث

[دُعاوسنت]

③ کھانے سے پہلے کی دُعا پڑھنا۔	[ترمذی: ۱۸۵۸، عن عائشہ رضی اللہ عنہا]
④ ایک زانو یا دوزانو بیٹھنا۔	[ابن ماجہ: ۳۲۶۳، عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما؛ فتح الباری: ۹/۵۴۲]
⑤ دائیں ہاتھ سے کھانا۔	[بخاری: ۵۳۷۶، عن عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہما]
⑥ اپنے سامنے سے کھانا۔	[بخاری: ۵۳۷۶، عن عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہما]
⑦ تین اُنگلیوں سے کھانا۔	[مسلم: ۵۴۱۷، عن کعب بن مالک رضی اللہ عنہ]
⑧ اگر لُقمہ گر جائے تو اُٹھا کر کھالینا۔	[مسلم: ۵۴۲۱، عن جابر رضی اللہ عنہ]
⑨ برتن اور اُنگلیوں کو چاٹ کر صاف کرنا۔	[مسلم: ۵۴۲۰، عن جابر رضی اللہ عنہ]
⑩ ٹیک لگا کر نہ کھانا۔	[ترمذی: ۱۸۳۰، عن ابی جحیفہ رضی اللہ عنہ]
⑪ کھانے میں عیب نہ نکالنا۔	[بخاری: ۵۴۰۹، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ]
⑫ بہت زیادہ گرم نہ کھانا۔	[مستدرک: ۷۱۲۵، عن جابر رضی اللہ عنہ]
⑬ کھانے کے بعد کی دُعا پڑھنا۔	[ترمذی: ۳۴۵۷، عن ابی سعید رضی اللہ عنہ]
⑭ کھانے کے بعد ہاتھ دھونا اور کُلّی کرنا۔	[ترمذی: ۱۸۴۶، عن سلمان رضی اللہ عنہ، بخاری: ۵۴۵۴، عن سوید رضی اللہ عنہ]

۲ دوسرے مہینے میں ۲۰ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۵ — پانی پینے کی سنتیں

① دائیں ہاتھ سے پینا۔	[مسلم: ۵۳۸۴، عن ابن عمر رضی اللہ عنہما]
② بیٹھ کر پینا۔	[ترمذی: ۱۸۷۹، عن انس رضی اللہ عنہ]

۲۔ حدیث

[دُعا وسنت]

③ دیکھ کر پینا۔ [ابوداوٗد: ۳۷۱۹، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما؛ بذل المجہود: ۱۱/ ۴۵۰م]

④ ''بِسْمِ اللّٰہِ'' پڑھ کر پینا۔ [ترمذی: ۱۸۸۵، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما]

⑤ تین سانس میں پینا۔ [مسلم: ۵۴۰۵، عن انس رضی اللہ عنہ]

⑥ پینے کے بعد ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ'' کہنا۔ [ترمذی: ۱۸۸۵، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما]

| ۳ | تیسرے مہینے میں | ۵ | دن پڑھائیں |

سبق ٦ سونے سے پہلے کی دُعا

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيَا

[بخاری: ٦۳۱۴، عن حذیفہ رضی اللہ عنہ]

ترجمہ: اے اللہ! میں تیرے ہی نام سے مرتا ہوں اور جیتا ہوں۔

| ۳ | تیسرے مہینے میں | ۵ | دن پڑھائیں |

سبق ۷ سو کر اٹھنے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ

[بخاری: ٦۳۱۴، عن حذیفہ رضی اللہ عنہ]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں موت دینے کے بعد زندگی دی اور اُسی کی طرف سب کو جانا ہے۔

۳ تیسرے مہینے میں ۱۰ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۸ بیت الخلا جانے سے پہلے کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

[معجم اوسط: ۲۸۰۳، عن انس رضی اللہ عنہ]

ترجمہ: اللہ کا نام لے کر داخل ہوتا ہوں، اے اللہ! میں ناپاک جنوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں، مرد ہوں یا عورت۔

۴	چوتھے مہینے میں	۱۲	دن پڑھائیں

سبق ۹ بیت الخلا سے باہر نکلنے کے بعد کی دُعا

غُفْرَانَكَ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَذْهَبَ عَنِّي الْأَذٰى وَعَافَانِيْ

[ابن ماجہ: ۳۰۰، عن عائشہ رضی اللہ عنہا، ۳۰۱، عن انس رضی اللہ عنہ]

ترجمہ : اے اللہ! میں آپ سے مغفرت چاہتا ہوں، تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھ سے تکلیف کو دور کیا اور مجھے عافیت بخشی۔

۴	۵	مہینے میں	۲۵	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۱۰ خاص خاص موقعوں پر کہے جانے والے مسنون کلمات

کسی مسلمان سے ملیں تو سلام کریں:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

[ترمذی: ۲۶۸۹، عن عمران بن حصین رضی اللہ عنہما]

ترجمہ: تم پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔

۲۔ حدیث

[دُعاوسنت]

کوئی مسلمان سلام کرے تو یہ جواب دیں:

وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ

[مسند احمد: ۱۲۶۱۲، عن انس رضی اللہ عنہ]

ترجمہ: اور تم پر (بھی) سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔

ہر اچھے کام کو شروع کرتے وقت پڑھیں:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

[الاذکار: ۱/ ۱۵۶، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ]

ترجمہ: شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

کوئی نعمت حاصل ہو تو کہیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

[ابن ماجہ: ۳۸۰۵، عن انس رضی اللہ عنہ]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔

کوئی کچھ دے یا اچھا سلوک کرے تو کہیں:

جَزَاكَ اللهُ خَيْرًا

[ترمذی: ۲۰۳۵، عن اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما]

ترجمہ: اللہ آپ کو بہتر بدلہ عطا کرے۔

۵	پانچویں مہینے میں ۱۶ دن پڑھائیں	تاریخ		دستخط معلم		دستخط والدین

۲۔ حدیث

[حفظِ حدیث]

تعریف

حفظ حدیث: حضور ﷺ کی بتائی ہوئی باتوں اور آپ ﷺ کے کیے ہوئے کاموں کو "حدیث" کہتے ہیں اور حدیث کے یاد کرنے کو "حفظِ حدیث" کہتے ہیں۔

ترغیبی بات

حدیث: اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: جو شخص میری امت کے نفع کے لیے چالیس حدیثیں یاد کرے گا تو اس سے (قیامت کے دن) کہا جائے گا، جنت کے جس دروازے سے چاہو داخل ہو جاؤ۔ [کنز العمال: ۲۹۱۸۶، عن ابی مسعود رضی اللہ عنہ]

ہمارے پیارے آقا حضرت محمد ﷺ کی باتوں کو پڑھنا، یاد کرنا اور ان کو اپنی زندگی میں اپنانا بہت ثواب کا کام ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے خوش ہوتے ہیں، اس سے زندگی میں نور پیدا ہوتا ہے اور دین پر چلنے کی توفیق حاصل ہوتی ہے، لہٰذا حدیث کو زبانی یاد کرنا چاہیے۔

ہدایت برائے استاذ

حفظِ حدیث کے تحت ۵/ حدیثیں ترجمے کے ساتھ دی گئی ہیں، جو دین کے مشہور پانچ شعبے: ایمانیات، عبادات، معاملات، معاشرت اور اخلاقیات پر مشتمل ہیں۔

ان احادیث کو اجتماعی طور پر ان کے شعبے اور ترجمے کے ساتھ یاد کرائیں، جیسے حدیث نمبر ا: ایمانیات پر اَلدِّیْنُ یُسْرٌ۔ ترجمہ: دین آسان ہے۔ نیز ان حدیثوں پر عمل کرنے کی ترغیب بھی دیتے رہیں۔

۲۔ حدیث

[حفظِ حدیث]

سبق ۱ — حدیث نمبر (۱) ایمانیات پر

اَلدِّیْنُ یُسْرٌ

[شعب الایمان: ۳۸۸۱، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ]

ترجمہ: دین آسان ہے۔

۶ چھٹے مہینے میں ۲۰ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۲ — حدیث نمبر (۲) عبادات پر

مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ الصَّلَاةُ

[ترمذی: ۴، عن جابر رضی اللہ عنہ]

ترجمہ: جنّت کی کنجی (چابی) نماز ہے۔

۷ ساتویں مہینے میں ۲۰ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۳ — حدیث نمبر (۳) معاملات پر

مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنَّا

[ترمذی: ۱۳۱۵، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ]

ترجمہ: جو دھوکہ دے وہ ہم (مسلمانوں) میں سے نہیں۔

۸ آٹھویں مہینے میں ۲۰ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۴ — حدیث نمبر (۴) معاشرت پر

اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْکَلَامِ

[ترمذی: ۲۶۹۹، عن جابر رضی اللہ عنہ]

ترجمہ: بات کرنے سے پہلے سلام کرو۔

۹ نویں مہینے میں ۲۰ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۵ — حدیث نمبر (۵) اخلاقیات پر

عَلَیْکُمْ بِالصِّدْقِ

[مسلم: ۶۸۰۵، عن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ]

ترجمہ: ہمیشہ سچ بات کہو۔

۱۰ دسویں مہینے میں ۲۰ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

۳- عقائد و مسائل

[عقائد]

تعریف

عقائد: آدمی جن دینی باتوں پر دل سے یقین رکھتا ہے، ان کو ''عقائد'' کہتے ہیں۔

ترغیبی بات

قرآن: اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ۙ

[سورۂ لقمان:۸]

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے ان کے لیے نعمتوں کے باغات ہوں گے۔

حدیث : اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: جو شخص گواہی دے کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، تو اللہ تعالیٰ اس پر جہنم کی آگ کو حرام کر دے گا۔ [مسلم: ۱۵۱، عن عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ]

عقیدہ مسلمان کے لیے وہ بنیادی چیز ہے جس پر پورے دین کی عمارت کھڑی ہوتی ہے۔ جس کا عقیدہ جتنا صحیح اور مضبوط ہوگا، اُس کا عمل بھی اتنا ہی صحیح اور مضبوط ہوگا اور جس کا عقیدہ جتنا کمزور ہوگا، اس کا عمل بھی اُتنا ہی کمزور ہوگا۔ لہٰذا عقیدے کو صحیح کرنا اور دل کے یقین کو مضبوط بنانا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے۔

ہدایت برائے استاذ

عقائد میں اسلام کے ۲/ کلمے: کلمۂ طیبہ اور کلمۂ شہادت مع ترجمہ دیے گئے ہیں، ان کو اجتماعی طور پر پڑھائیں۔ کلمے یاد کرانے کے ساتھ ساتھ اس بات کو بھی واضح کیا جائے کہ ان میں موجود تمام چیزوں پر دل سے یقین رکھنا اور زبان سے اقرار کرنا ضروری ہے۔

۳- عقائد و مسائل

[عقائد]

سبق ۱ — کلمۂ طیّبہ

لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

[معجم صغیر: ۹۹۲، عن عمر رضی اللہ عنہ]

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔

۱ ۲ مہینے میں ۴۰ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۲ — کلمۂ شہادت

أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

[مستدرک: ۹، عن عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما]

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے بندے اور اُس کے رسول ہیں۔

۳ ۴ ۵ مہینے میں ۶۰ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

DEENIYAT

۳- عقائد ومسائل

[نماز]

تعریف

نماز: ایک خاص انداز میں اللہ کے سامنے اپنی بندگی کا اظہار کرنے کو "نماز" کہتے ہیں۔

ترغیبی بات

حدیث: اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: نماز دین کا ستون ہے۔
[شعب الایمان: ۲۸۰۷، عن عمر رضی اللہ عنہ]

حدیث: اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: جنت کی کنجی نماز ہے۔ [ترمذی: ۴، عن جابر رضی اللہ عنہ]

حدیث: اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں رکھی گئی ہے۔
[مستدرک: ۲۶۷۶، عن انس رضی اللہ عنہ]

نماز دین کی سب سے اہم عبادت ہے، نماز کی پابندی پر اللہ تعالیٰ نے مغفرت کے وعدے فرمائے ہیں، نماز پڑھنے پر اللہ تعالیٰ اچھی زندگی اور روزی میں برکت عطا فرماتے ہیں، لہٰذا نماز کو سیکھ کر صحیح طریقے پر پڑھنا اور اس کا اہتمام کرنا ہر مسلمان پر ضروری ہے۔

ہدایت برائے استاذ

اس مضمون سے ہمارا منشا یہ ہے کہ ہر طالب علم صحیح طریقے پر وضو کرنے والا اور نماز پڑھنے والا بن جائے۔ نماز میں پڑھی جانے والی چیزوں کو یاد کرانے کے ساتھ ساتھ مسنون طریقے کے مطابق "وضو اور نماز کے طریقے" کو سامنے رکھ کر طلبہ کو وضو اور نماز کی مشق ہفتے میں ایک مرتبہ کرانا ہے۔ وضو اور نماز کی عملی مشق اجتماعی کرائیں، اس کی صورت یہ ہوگی کہ پہلے ہفتے میں ایک مرتبہ عملی طور پر خود کر کے بتائیں اور پھر ہر ہفتے طلبہ سے اس کی مشق کراتے رہیں۔ تمام کلماتِ نماز (ثنا، تشہد، رکوع اور سجدے کی تسبیحات وغیرہ) اجتماعی طور پر زبانی یاد کرائیں۔

DEENIYAT

- طلبہ سے وضو کی مشق اس طور پر کرائی جائے کہ تمام طلبہ کو حوض یا وضو خانے پر لے جا کر ایک طالب علم سے وضو کروایا جائے اور ''وضو کے طریقے'' کے مطابق طالب علم تمام سنن و فرائض کو مکمل کر رہا ہے یا نہیں؛ منہ، ہاتھ، پیر برابر دھو رہا ہے یا نہیں اور سر کا مسح صحیح کر رہا ہے یا نہیں، اس کی نگرانی کی جائے اور دوسرے طلبہ کو اس کی طرف متوجہ کیا جائے۔
- طلبہ سے نماز کی مشق اس طور پر کرائی جائے کہ ان کو صفوں میں کھڑا کر دیا جائے، آگے لڑکوں کی صف لگائی جائے اور پیچھے لڑکیوں کی اور استاذ بلند آواز سے پوری نماز صفوں کے درمیان چلتے ہوئے پڑھائے اور طلبہ کی نگرانی بھی کرتا رہے۔یعنی ان کے کھڑے ہونے، رکوع اور سجدہ کرنے کے طریقے کو دیکھتا رہے اور ان کی غلطیوں کو درست کرتا رہے۔ استاذ کے ساتھ طلبہ بھی بلند آواز سے پڑھیں۔ جیسے استاذ اَللّٰهُ أَكْبَرُ کہے تو طلبہ بھی اَللّٰهُ أَكْبَرُ کہیں۔ جب استاذ ثنا پڑھے تو طلبہ بھی ثنا پڑھیں۔ جیسے استاذ پڑھے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ.... تو طلبہ پڑھیں سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ.....، استاذ پڑھے وَبِحَمْدِكَ.... تو طلبہ پڑھیں وَبِحَمْدِكَ.... آخر تک۔اسی طرح استاذ تمام کلمات کو پڑھاتا رہے اور طلبہ ان کو دہراتے رہیں۔اسی طرح پڑھانے کے انداز میں مشق کرائی جائے۔

اس کے بعد کسی طالب علم کو امام بنا کر نماز پڑھوائی جائے۔اسی ترتیب سے باری باری ہر طالب علم سے نماز پڑھوائی جائے اور خود پابندی سے نگرانی کرتا رہے کہ طلبہ سنت طریقے کے مطابق نماز پڑھ رہے ہیں یا نہیں؟ رکوع، سجدہ وغیرہ صحیح کر رہے ہیں یا نہیں؟ اس طرح مشق کرانے سے ہر طالب علم صحیح طریقے پر نماز سیکھ لے گا۔ اگر کوئی طالب علم درمیان سال میں آئے تو اس کو بھی نماز کی مشق میں شامل کر لیا جائے۔

نوٹ: ''ترکیب نماز'' کے ضمن میں نماز کا جو طریقہ دیا گیا ہے وہ بڑے طلبہ کے لیے ہے۔

سبق ۱ کلماتِ نماز

تکبیرِ تحریمہ (نماز کو شروع کرتے وقت کہے):

اَللّٰهُ أَكْبَرُ [ترمذی: ۲۳۸، عن ابی سعید رضی اللہ عنہ]

رکوع کی تسبیح: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ [ترمذی: ۲۶۱، عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ]

تسمیع (رکوع سے اٹھتے ہوئے کہے):

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ [بخاری: ۷۲۲، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ]

تحمید (جب سیدھا کھڑا ہو جائے تو کہے):

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ [بخاری: ۷۲۲، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ]

سجدے کی تسبیح: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى [ترمذی: ۲۶۱، عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ]

سلام: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

[ترمذی: ۲۹۵، عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ]

۱	۲	مہینے میں	۴۰	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

نماز

۳- عقائد و مسائل

[نماز]

سبق ۲ — ثنا

سُبۡحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمۡدِكَ وَتَبَارَكَ اسۡمُكَ وَتَعَالٰى

جَدُّكَ وَلَآ إِلٰهَ غَيۡرُكَ [ترمذی: ۲۴۲، عن ابی سعید رضی اللہ عنہ]

۳	تیسرے مہینے میں	۲۰	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۳ — تشہد (التحیات)

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَيۡكَ

أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحۡمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ، اَلسَّلَامُ عَلَيۡنَا وَعَلٰى

عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيۡنَ، أَشۡهَدُ أَنۡ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشۡهَدُ

أَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُهٗ وَرَسُوۡلُهٗ [بخاری: ۱۲۰۲، عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ]

۴	۵	مہینے میں	۴۰	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

وضو کا طریقہ

نماز پڑھنے سے پہلے پاکی حاصل کرنا ضروری ہے۔ اس پاکی کو ''وضو'' کہتے ہیں۔
[شامی: ۱/۲۲۳، کتاب الطہارہ، سنن الوضو]

① سب سے پہلے اللہ کو خوش کرنے اور پاک ہونے کی نیت کرنا۔
[بخاری: ۱، عن عمر رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۱/۲۷۲، کتاب الطہارہ، سنن الوضو]

② پاک اور صاف پانی سے وضو کرنا۔ [ابوداؤد: ۸۳، عن ابی ہریرہ؛ شامی: ۲/۲۰، باب المیاہ]

③ ''بِسۡمِ اللّٰهِ'' کہہ کر وضو شروع کرنا۔ [نسائی: ۸۷، عن انس رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۱/۲۷۸، کتاب الطہارہ، سنن الوضو]

(۴) دونوں ہاتھ گٹوں تک تین مرتبہ دھونا۔

[بخاری: ۱۵۹، عن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۱/ ۲۸۶، کتاب الطہارہ، سنن الوضو]

(۵) مسواک کرنا اور اگر مسواک نہ ہو تو انگلی سے دانت صاف کرنا۔

[بخاری: ۸۸۷، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ؛ سنن کبریٰ بیہقی: ۱۷۹، عن انس رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۱/ ۲۹۶، ۳۰۲، کتاب الطہارہ، سنن الوضو]

(۶) تین مرتبہ کلّی کرنا۔ [بخاری: ۱۵۹، عن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۱/ ۳۰۶، کتاب الطہارہ، سنن الوضو]

(۷) تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالنا اور بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے ناک صاف کرنا۔

[بخاری: ۱۸۵، عن عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۱/ ۳۰۶، ۳۰۸، کتاب الطہارہ، سنن الوضو]

(۸) تین مرتبہ منہ دھونا، ایک کان کی لَو سے دوسرے کان کی لَو تک اور پیشانی کے بالوں سے ڈاڑھی کی ہڈی کے نیچے تک۔

[بخاری: ۱۵۹، عن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۱/ ۲۳۵، کتاب الطہارہ، ارکان الوضو؛ ۱/ ۳۱۵، کتاب الطہارہ، سنن الوضو]

(۹) تین مرتبہ دونوں ہاتھ کہنیوں کے اوپر تک دھونا، پہلے دایاں ہاتھ دھونا پھر بایاں اور انگلیوں کا خلال کرنا۔

[بخاری: ۱۵۹، عن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۱/ ۲۴۷، کتاب الطہارہ، ارکان الوضو؛ ۱/ ۳۱۵-۳۳۲، کتاب الطہارہ، سنن الوضو]

(۱۰) ہاتھ پانی سے گیلا کر کے پورے سر کا، پھر کانوں کا، پھر گردن کا ایک مرتبہ مسح کرنا۔

[بخاری: ۱۹۲، عن عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ؛ ترمذی: ۳۶، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما؛ تلخیص حبیر: ۱/ ۲۸۸، باب سنن الوضو؛ شامی: ۱/ ۳۲۳-۳۳۶، کتاب الطہارہ، سنن الوضو]

(۱۱) تین مرتبہ دونوں پاؤں ٹخنوں سے اوپر تک دھونا، پہلے دایاں پاؤں پھر بایاں اور انگلیوں کا خلال کرنا۔

[بخاری: ۱۵۹، عن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۱/ ۲۴۷، کتاب الطہارہ، ارکان الوضو؛ ۱/ ۳۱۵-۳۳۲، کتاب الطہارہ، سنن الوضو]

(۱۲) چہرے، ہاتھ اور پیر کو اچھی طرح رگڑ کر دھونا۔

[مسند احمد: ۱۶۴۴۱، عن عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۱/ ۳۳۱، کتاب الطہارہ، سنن الوضو]

(۱۳) وضو کے بعد کی دُعا پڑھنا۔ [ترمذی: ۵۵، عن عمر رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۱/ ۳۴۵، کتاب الطہارہ، سنن الوضو]

نماز کا مسنون طریقہ

قیام اور دونوں ہاتھوں کو اُٹھانے کا طریقہ

① تکبیرِ تحریمہ کے وقت سیدھا کھڑا ہونا اور سر کو نہ جھکانا۔ [سورۂ بقرہ: ۲۳۸؛ شامی: ۳/ ۴۷۹، سنن الصلاۃ]

② تکبیرِ تحریمہ کے وقت دونوں ہاتھوں کو کانوں تک اُٹھانا۔ (تکبیرِ تحریمہ کے وقت ہاتھوں سے کانوں کا چھونا ضروری نہیں ہے۔)

[مسلم: ۸۹۱، عن مالک بن الحویرث رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۴/ ۴، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

③ ہتھیلیوں کو قبلے کی طرف رکھنا۔ [طبرانی کبیر: ۱۱۷ عن ابن عمر رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۴/ ۴، سنن الصلاۃ]

④ اُنگلیوں کو اپنی حالت پر رکھنا یعنی نہ زیادہ کھلی رکھنا اور نہ زیادہ بند رکھنا۔

[صحیح ابن خزیمہ: ۴۵۹، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۳/ ۴۷۶، سنن الصلاۃ]

⑤ دونوں پیروں کے درمیان (کم سے کم چار اُنگل کا) فاصلہ رکھنا اور پیروں کی اُنگلیاں قبلے کی طرف رکھنا۔ [نسائی: ۸۹۳، عن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۳/ ۳۸۴، بحث القیام]

⑥ حالتِ قیام میں نگاہ کو سجدے کی جگہ رکھنا۔

[سنن کبریٰ بیہقی: ۳۶۸۶، عن انس رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۳/ ۴۸۹، آداب الصلاۃ]

ہاتھ باندھنے کا طریقہ

① داہنے ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پُشت پر رکھنا۔

[بخاری: ۷۴۰، عن سہل بن سعد رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۲/ ۱۷۲، سنن الصلاۃ]

② چھوٹی انگلی اور انگوٹھے سے حلقہ بنا کر گٹّے کو پکڑنا۔

[مؤطا امام محمد مع شرحہ: ۲/ ۶۲؛ شامی: ۴/ ۱۹، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

③ بیچ کی تین انگلیوں کو کلائی پر رکھنا۔ [مؤطا امام محمد مع شرحہ: ۲/ ۶۲؛ شامی: ۴/ ۱۹، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

④ ناف کے نیچے ہاتھ باندھنا۔ [ابوداؤد: ۷۵۸، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۴/ ۱۸، سنن الصلاۃ]

DEENIYAT

رکوع کا طریقہ

① رکوع کی تکبیر کہتے ہوئے رکوع میں جانا۔ [بخاری:۷۸۹،عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ؛شامی:۴/۴۰،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

② رکوع میں دونوں ہاتھوں سے گھٹنوں کو پکڑنا۔
[ابوداؤد:۷۳۴،عن ابی حمید رضی اللہ عنہ؛شامی:۴/۴۰،باب صفۃ الصلاۃ]

③ گھٹنوں کو پکڑنے میں اُنگلیوں کو کھلا رکھنا۔ [ابوداؤد:۷۳۱،عن ابی حمید رضی اللہ عنہ؛شامی:۴/۴۰،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

④ پنڈلیوں کو سیدھا رکھنا۔ [معجم کبیر:۱۲۷۸۱،عن ابن عباس رضی اللہ عنہما؛شامی:۴/۴۰،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

⑤ پیٹھ کو بالکل سیدھا رکھنا۔ [بخاری:۸۲۸،عن ابی حمید رضی اللہ عنہ؛شامی:۴/۴۰،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

⑥ سر اور کمر کو برابر رکھنا اور نگاہیں قدموں پر رکھنا۔
[ابوداؤد:۷۳۱،عن ابی حمید رضی اللہ عنہ؛شامی:۴/۴۰،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

⑦ رکوع میں کم از کم تین مرتبہ "سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ" کہنا۔
[ابوداؤد:۸۸۶،عن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ؛شامی:۴/۴۰،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

⑧ رکوع سے اُٹھتے ہوئے امام کا "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ"، مقتدی کا "رَبَّنَالَكَ الْحَمْدُ" اور اکیلے نماز پڑھنے والے کا دونوں کہنا۔
[بخاری:۷۲۲،عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ؛شامی:۴/۴۹،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

⑨ رکوع سے اُٹھ کر اطمینان سے بالکل سیدھا کھڑا ہونا۔
[بخاری:۸۲۸،عن ابی حمید رضی اللہ عنہ؛شامی:۴/۴۹،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

نوٹ: رکوع سے اُٹھنے کے بعد سیدھا کھڑا ہونے کو "قومہ" کہتے ہیں، یہ قومہ واجب ہے، اس لیے اس پر خاص توجہ دینا چاہیے۔ [بخاری:۷۹۳،عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ؛شامی:۳/۴۴۵،واجبات الصلاۃ]

سجدے میں جانے کا طریقہ

① تکبیر کہتے ہوئے سجدے میں جانا۔ [بخاری:٧٨٩،عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ؛شامی:٤/٥٤،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

② سجدے میں جاتے وقت سر اور سینے کو نہ جھکانا بلکہ سیدھا رکھنا۔
[نسائی ١٠٨٤،عن حکیم رضی اللہ عنہ،شامی:٤/٥٤،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

③ پہلے دونوں گھٹنوں کو زمین پر رکھنا پھر دونوں ہاتھوں کو، پھر ناک کو پھر پیشانی کو۔
[ابوداؤد:٨٣٨،عن وائل بن حجر رضی اللہ عنہ؛شامی:٤/ ٤٥،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

سجدے کا طریقہ

① دونوں ہاتھوں کے درمیان سجدہ کرنا۔
[مسلم:٩٢٣،عن وائل بن حجر رضی اللہ عنہ؛شامی:٤/ ٥٥،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

② سجدے میں ناک اور پیشانی دونوں کا زمین پر رکھنا۔
[مسلم:١١٢٧،عن ابن عباس رضی اللہ عنہما؛شامی:٤/٥٤،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

③ سجدے میں پیٹ کو رانوں سے الگ رکھنا۔
[مسلم:١١٣٥،عن میمونہ رضی اللہ عنہا؛شامی:٤/٦٢،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

④ پہلوؤں کو بازوؤں سے الگ رکھنا۔
[بخاری:٣٩٠،عن عبداللہ بن مالک رضی اللہ عنہ؛شامی:٤/٦٢،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

⑤ کہنیوں کو زمین سے الگ رکھنا۔ [مسلم:١١٣٢،عن البراء رضی اللہ عنہ؛مراقی الفلاح:١/١٣٢،سنن الصلاۃ]

⑥ سجدے میں کم از کم تین مرتبہ ''سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى'' پڑھنا۔
[ابوداؤد:٨٨٦،عن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ؛شامی:٤/٦٣،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

⑦ سجدے کی حالت میں پیروں کی انگلیوں کو زمین پر رکھتے ہوئے قبلے کی طرف موڑنا۔
[بخاری:٨٢٨،عن ابی حمید الساعدی رضی اللہ عنہ؛شامی:٤/٦٣،باب صفۃ الصلاۃ،فصل]

⑧ سجدے کی حالت میں ہاتھ کی انگلیوں کو ملی ہوئی رکھنا۔
[صحیح ابن حبان: ۱۹۲۰، عن وائل بن حجر رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۴/ ۶۳، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

⑨ سجدے کی حالت میں نگاہیں ناک پر رکھنا۔ [شامی: ۳/ ۴۸۹، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

⑩ سجدے سے اُٹھنے کی تکبیر کہنا۔ [بخاری: ۷۸۹، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۴/ ۷۳، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

نوٹ: دونوں سجدوں کے درمیان اطمینان سے بیٹھنے کو ''جلسہ'' کہتے ہیں۔ یہ جلسہ واجب ہے، اس لیے اس پر خاص توجہ دینا چاہیے۔ [بخاری: ۷۹۳، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۳/ ۴۴۵، واجبات الصلاۃ]

سجدے سے اٹھنے کا طریقہ

① سجدے سے اُٹھنے کے وقت بھی سر اور سینے کو نہ جھکانا بلکہ سیدھا ہی رکھنا۔
[شامی: ۴/ ۷۳، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

② سجدے سے اُٹھتے وقت پہلے پیشانی پھر ناک پھر دونوں ہاتھ پھر گھٹنوں کو اُٹھانا۔
[ابوداؤد: ۸۳۸، عن وائل بن حجر رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۴/ ۵۵، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

قعدے کا طریقہ

① دائیں پیر کو کھڑا رکھنا اور بائیں پیر کو بچھا کر اس پر بیٹھنا اور پیر کی اُنگلیوں کو قبلے کی طرف رکھنا۔ [ابوداؤد: ۷۳۸، عن عائشہ رضی اللہ عنہا؛ شامی: ۴/ ۸۲، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

② دونوں ہاتھ رانوں پر رکھنا اور نگاہ گود پر رکھنا۔
[ابوداؤد: ۷۲۶، عن وائل بن حجر رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۴/ ۸۲، باب صفۃ الصلاۃ، فصل؛ ۳/ ۴۸۹، آداب الصلاۃ]

③ قعدے میں التحیات پڑھنا۔ [بخاری: ۱۲۰۲، عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ؛ شامی ۴/ ۵۰، واجبات الصلاۃ]

④ تشہد میں بیچ کی انگلی اور انگوٹھے سے حلقہ بنا کر ''لَآ اِلٰہَ'' پر شہادت کی اُنگلی کو اُٹھانا اور ''اِلَّا اللّٰہُ'' پر رکھ دینا۔ [ابوداؤد: ۷۲۶، عن وائل بن حجر رضی اللہ عنہ؛ اعلاء السنن: ۲/ ۸۸۳؛ شامی: ۴/ ۸۵، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

⑤ قعدۂ اخیرہ میں درود شریف پڑھنا۔ [بخاری:۳۳۷۰، عن کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ؛ شامی:۴/۹۱، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

⑥ درود شریف کے بعد دعائے ماثورہ پڑھنا۔ [بخاری:۸۳۴، عن ابی بکر رضی اللہ عنہ؛ شامی:۴/۱۲۰، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

سلام پھیرنے کا طریقہ

① دونوں طرف سلام پھیرنا۔ [مسلم:۱۳۴۳، عن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ؛ شامی:۴/۱۲۸، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

② پہلے داہنی طرف سلام پھیرنا پھر بائیں طرف۔
[مسلم:۱۳۴۳، عن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ؛ شامی:۴/۱۲۸، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

③ سلام پھیرتے وقت گردن کو اتنا موڑنا کہ پیچھے کے لوگوں کو رخسار (گال) نظر آجائے۔ [مسلم:۱۳۴۳، عن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ؛ شامی:۴/۱۲۸، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

④ امام کو مقتدیوں، فرشتوں اور نیک جنات کی نیت کرنا۔
[عون المعبود:۳/۲۱۲؛ شامی:۴/۱۳۴، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

⑤ مقتدی کو امام، فرشتوں، نیک جنات اور دائیں بائیں طرف کے مقتدیوں کی نیت کرنا۔ [ابن ماجہ:۹۲۲، عن سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ؛ عون المعبود:۳/۲۱۲؛ شامی:۴/۱۳۵، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

⑥ منفرد کو صرف فرشتوں کی نیت کرنا۔ [شامی:۴/۱۳۵، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

⑦ مقتدی کو امام کے ساتھ ساتھ سلام پھیرنا۔ [بخاری:۸۳۸، عن عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ؛ شامی:۴/۱۲۸، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

⑧ دوسرے سلام کی آواز کو پہلے سلام کی آواز سے پست کرنا۔
[مصنف ابن ابی شیبہ: ۳۰۵۲، عن علی رضی اللہ عنہ؛ شامی:۴/۱۳۲، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

DEENIYAT

عورتوں کی نماز کا فرق

① تکبیر تحریمہ کے وقت اپنے دونوں ہاتھ کندھوں تک اُٹھائیں لیکن ہاتھوں کو دوپٹے سے باہر نہ نکالیں۔

[طبرانی کبیر: ۱۷۴۹۷، عن وائل بن حجر رضی اللہ عنہ؛ جزء رفع الیدین للبخاری: ۲۲، عن عبد ربہ رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۴/۷۱، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

② عورتیں سینے پر ہاتھ باندھیں اور داہنے ہاتھ کی ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر رکھ دیں۔ [شامی: ۴/۷۱، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

③ رکوع میں عورتیں تھوڑا سا جھکیں یعنی صرف اس قدر کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائے، پیٹھ بالکل سیدھی نہ کریں، دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھ دیں گھٹنوں کو نہ پکڑیں اور جتنا ہو سکے سکڑ کر رکوع کریں۔ [مصنف ابن ابی شیبہ: ۲۷۷۸، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما؛ شامی: ۴/۷۱، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

④ سجدے میں عورتیں پاؤں کھڑا نہ کریں بلکہ داہنی طرف نکال دیں (خوب سمٹ کر اور دب کر سجدہ کریں، پیٹ دونوں رانوں سے اور بازو دونوں پہلوؤں سے مل جائیں) اور دونوں کلائیوں کو زمین پر رکھ دیں۔ [مصنف عبدالرزاق: ۵۰۷۲، عن علی رضی اللہ عنہ؛ سنن کبریٰ بیہقی: ۳۳۲۴، عن ابن عمر رضی اللہ عنہما، ۳۳۲۵، عن زید بن حبیب رضی اللہ عنہ؛ شامی: ۴/۷۱، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

⑤ قعدے میں جب بیٹھیں تو دونوں پاؤں کو داہنی طرف نکال دیں اور دونوں ہاتھوں کو رانوں پر رکھ دیں اور انگلیاں ملا کر رکھیں۔

[سنن کبریٰ بیہقی: ۳۳۲۴، عن ابن عمر رضی اللہ عنہما، مسند امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ: ۱۳۶، عن ابن عمر رضی اللہ عنہما؛ شامی: ۴/۷۱، باب صفۃ الصلاۃ، فصل]

نماز کی ترکیب

نماز پڑھنے کے لیے باوضو قبلے کی طرف رُخ کر کے کھڑا ہو جائے اور جو نماز پڑھنا ہو اس کی نیت دل میں کر لے، جیسے فجر کی نماز یا ظہر کی نماز پڑھ رہا ہوں۔ یہ نیت زبان سے بھی کہنا بہتر ہے۔ نیت کرنے کے بعد دونوں ہاتھ دونوں کانوں کی لَو تک اُٹھا کر تکبیر تحریمہ "اَللّٰهُ أَكْبَرُ" کہے اور دونوں ہاتھ ناف کے نیچے باندھ لے۔

پھر ثنا پڑھے: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ إِلٰهَ غَيْرُكَ، پھر تعوّذ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ پڑھے، پھر تسمیہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ پڑھے، پھر سورۂ فاتحہ پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۲ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝۳
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝۴ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝۵ صِرَاطَ
الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ۝۷

سورۂ فاتحہ پڑھنے کے بعد آہستہ سے "آمین" کہے۔
پھر "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" پڑھے۔
پھر قرآن کریم کی کوئی سورہ پڑھے مثلاً:

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝۱ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَ انْحَرْ ۝۲ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝۳

پھر "اَللّٰهُ أَكْبَرُ" کہتے ہوئے رکوع میں جائے، پھر رکوع کی تسبیح "سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ" کم سے کم تین مرتبہ پڑھے، پھر "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ" کہتے ہوئے اطمینان سے سیدھا کھڑا ہو جائے، پھر "رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ" کہے، اگر امام کے پیچھے ہو تو امام کے "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ" کہنے کے بعد "رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ" کہے، پھر

''اَللّٰهُ أَكْبَرْ'' کہتے ہوئے سجدے میں جائے اور سجدے کی تسبیح ''سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى'' کم از کم تین مرتبہ پڑھے، پھر ''اَللّٰهُ أَكْبَرْ'' کہتے ہوئے اطمینان سے بیٹھ جائے، پھر ''اَللّٰهُ أَكْبَرْ'' کہتے ہوئے دوسرے سجدے میں جائے اور سجدے کی تسبیح ''سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى'' کم از کم تین مرتبہ پڑھے، پھر ''اَللّٰهُ أَكْبَرْ'' کہتے ہوئے دوسری رکعت کے لیے سیدھا کھڑا ہو جائے۔ پھر اسی طرح ''بِسْمِ اللّٰهِ......'' پڑھے اور سورۂ فاتحہ اور پھر ''بِسْمِ اللّٰهِ......'' پڑھ کر کوئی سورۃ پڑھے مثلاً:

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿١﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿٢﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿٣﴾
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿٤﴾

اور اسی طرح دوسری رکعت پوری کر کے قعدے میں بیٹھ جائے۔

پھر تشہد پڑھے ''اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ ...'' آخر تک۔ جب ''أَشْهَدُ'' پر پہنچے تو بیچ کی انگلی اور انگوٹھے سے حلقہ بنالے ''لَآ إِلٰهَ'' کہتے ہوئے شہادت کی انگلی اُٹھائے اور ''إِلَّا اللّٰهُ'' پر انگلی جھکا دے مگر حلقے کی حالت کو نماز کے اخیر تک برقرار رکھے، پھر درود شریف پڑھے ''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ ...'' آخر تک، پھر دعائے ماثورہ پڑھے ''اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ...'' آخر تک، پھر ''اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ'' کہتے ہوئے پہلے دائیں جانب سلام پھیرے پھر بائیں جانب، اس طرح دو رکعت نماز پوری ہوئی۔

اگر تین یا چار رکعت والی نماز پڑھ رہا ہو تو ''اَلتَّحِيَّاتُ'' کے بعد فوراً تیسری رکعت کے لیے کھڑا ہو جائے اور (فرض نماز کے علاوہ) بتائے ہوئے طریقے کے مطابق بقیہ رکعتیں پوری کر کے قعدۂ اخیرہ میں بیٹھ جائے اور التحیات، درود شریف اور دعائے ماثورہ پڑھنے کے بعد سلام پھیر کر نماز مکمل کرے البتہ فرض نماز کی تیسری اور چوتھی رکعت میں صرف سورۂ فاتحہ پڑھے اور کوئی سورۃ نہ پڑھے۔

تعریف

اسمائے حسنیٰ : اللہ تعالیٰ کے ناموں کو ''اسمائے حسنیٰ'' کہتے ہیں۔

ترغیبی بات

قرآن : وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا [سورۂ اعراف:۱۸۰]

ترجمہ : اللہ تعالیٰ کے اچھّے اچھّے نام ہیں تم ان ناموں سے اسے پکارو۔

حدیث : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کے ننانوے (۹۹) نام ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کے ان ناموں کو یاد کرے گا، جنّت میں داخل ہوگا۔
[مسلم:۶۹۸۶، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ]

اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں بھی زبردست طاقت وتاثیر ہے اور ان کو یاد کرنے کے بڑے فضائل ہیں اور ان ناموں کو پڑھ کر جو دعا مانگی جائے وہ ضرور قبول ہوتی ہے۔

ہدایت برائے استاذ

اس سال اللہ تعالیٰ کے ۱۵/ صفاتی نام دیے گئے ہیں۔ ان ناموں کو ذکر کرنے کی ترتیب اس طرح ہے کہ ہر مہینے کے ناموں کے ساتھ گذشتہ مہینے کے نام بھی دیے گئے ہیں۔ تاکہ طالب علم اول تا آخر ترتیب کے ساتھ آسانی سے یاد کر سکے۔

ان کو بھی اجتماعی طور پر ہی پڑھائیں۔

۳- عقائد و مسائل

[اسمائے حسنیٰ]

سبق ۱ اسمائے حسنیٰ ۱، ۲، ۳

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ

اَلرَّحْمٰنُ | اَلرَّحِيْمُ | اَلْمَلِكُ

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْمَلِكُ

٦ / ٧ مہینے میں ۲۵ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۲ اسمائے حسنیٰ ۴، ۵، ۶، ۷

اَلْقُدُّوْسُ | اَلسَّلَامُ | اَلْمُؤْمِنُ | اَلْمُهَيْمِنُ

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ

٧ / ٨ مہینے میں ۲۵ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۳ — اسمائے حسنیٰ ۸، ۹، ۱۰، ۱۱

اَلْعَزِيْزُ	اَلْجَبَّارُ	اَلْمُتَكَبِّرُ	اَلْخَالِقُ

هُوَاللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْخَالِقُ

۸	۹	مہینے میں	۲۵	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۴ — اسمائے حسنیٰ ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵

اَلْبَارِئُ	اَلْمُصَوِّرُ	اَلْغَفَّارُ	اَلْقَهَّارُ

هُوَاللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْخَالِقُ

الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ

۹	۱۰	مہینے میں	۲۵	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

تعریف

مسائل: دین کی وہ باتیں جن میں عمل کا طریقہ یا اس کا صحیح اور غلط ہونا بتایا جائے ان کو ''مسائل'' کہتے ہیں۔

ترغیبی بات

حدیث: اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔
[ابن ماجہ: ۲۲۴، عن انس رضی اللہ عنہ]

حدیث: اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جس شخص کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتے ہیں اس کو دین کی سمجھ دے دیتے ہیں۔ [بخاری: ۷۱، عن معاویہ رضی اللہ عنہ]

علم ایمان والے کے لیے اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے۔ علم کی وجہ سے انسان کا عمل صحیح ہوتا ہے اور اللہ اور اس کے پیارے رسول ﷺ کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق زندگی گذارنے کا صحیح طریقہ بھی معلوم ہوتا ہے اس لیے ہمیں مسائل کا علم بھی حاصل کرنا چاہیے۔

ہدایت برائے استاذ

مسائل کے ضمن میں غسل کے فرائض، وضو کے فرائض، پانچ نمازیں، رکعتوں کی تعداد اور شرائط نماز کو شامل نصاب کیا گیا ہے۔ مسائل یاد کرانے پر خاص توجہ دیں، ان کو اجتماعی طور پر یاد کرائیں اور مختلف انداز میں سوالات کر کے تمام مسائل طلبہ کو اچھی طرح ذہن نشین کرادیں۔ خاص طور پر وضو کے فرائض میں چہرے کے حدود وغیرہ کو اشاروں سے بھی واضح کریں تاکہ طلبہ اس کو دیکھ کر اچھی طرح سمجھ جائیں۔ نیز وقتاً فوقتاً پیار محبت سے طلبہ کو ترغیب بھی دیں کہ مسائل کے مضمون میں یاد کی ہوئی باتیں اپنے بھائی بہن اور والدین کو بتاتے رہیں۔

مسائل

سبق ۱ — غسل کے فرائض

غسل میں ۳ فرض ہیں:

① منہ بھر کر کُلّی کرنا۔ [شامی: ۱/۴۲۳، مطلب فی ابحاث الغسل]

② ناک میں پانی ڈالنا۔ [شامی: ۱/۴۲۳، مطلب فی ابحاث الغسل]

③ پورے بدن پر اس طرح پانی بہانا کہ ایک بال برابر بھی کوئی جگہ سوکھی نہ رہے۔ [شامی: ۱/۴۲۷، مطلب فی ابحاث الغسل]

۶ چھٹے مہینے میں ۲۰ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۲ — وضو کے فرائض

وضو میں ۴ فرض ہیں: [سورۂ مائدہ: ۶]

① پیشانی کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان کی لَو سے دوسرے کان کی لَو تک پورا چہرہ دھونا۔ [شامی: ۱/ ۲۳۵، ارکان الوضو]

② دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھونا۔ [شامی: ۱/ ۲۴۷، ارکان الوضو]

③ چوتھائی سر کا مسح کرنا۔ [شامی: ۱/ ۲۴۷، ارکان الوضو]

④ دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔ [شامی: ۱/ ۲۴۷، ارکان الوضو]

۷ ساتویں مہینے میں ۲۰ دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۳ — پانچ نمازیں

ہر مسلمان مرد اور عورت پر دن بھر میں پانچ نمازیں فرض ہیں:

① فجر ② ظہر ③ عصر ④ مغرب ⑤ عشا

DEENIYAT

رکعتوں کی تعداد

① فجر کی نماز میں ۴ رکعتیں ہیں۔ [بدائع الصنائع: ۱/۹۱، فصل فی عددہا وعدد رکعتہا؛ ۱/۲۸۴، الصلاۃ المسنونہ]

② ظہر کی نماز میں ۱۲ رکعتیں ہیں۔ [بدائع الصنائع: ۱/۹۱، فصل فی عددہا وعدد رکعتہا؛ ۱/۲۸۴، الصلاۃ المسنونہ]

③ عصر کی نماز میں ۸ رکعتیں ہیں۔ [بدائع الصنائع: ۱/۹۱، فصل فی عددہا وعدد رکعتہا؛ ۱/۲۸۴، الصلاۃ المسنونہ]

④ مغرب کی نماز میں ۷ رکعتیں ہیں۔ [بدائع الصنائع: ۱/۹۱، فصل فی عددہا وعدد رکعتہا؛ ۱/۲۸۴، الصلاۃ المسنونہ]

⑤ عشا کی نماز میں ۱۷ رکعتیں ہیں۔ [بدائع الصنائع: ۱/۹۱، فصل فی عددہا وعدد رکعتہا؛ ۱/۲۸۴، الصلاۃ المسنونہ]

۸	۹	مہینے میں	۳۰	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

سبق ۴ نماز کے شرائط

نماز کے باہر سات فرائض ہیں، جنھیں ''شرائط'' کہتے ہیں۔

① بدن کا پاک ہونا۔ [شامی: ۳/۲۴۲، باب شروط الصلاۃ]

② کپڑوں کا پاک ہونا۔ [شامی: ۳/۲۴۲، باب شروط الصلاۃ]

③ جگہ کا پاک ہونا۔ [شامی: ۳/۲۴۲، باب شروط الصلاۃ]

④ ستر کا چھپانا۔ [شامی: ۳/۲۴۹، باب شروط الصلاۃ]

⑤ نماز کا وقت ہونا۔ [بدائع الصنائع: ۱/۱۲۱، فصل فی شرائط ارکان الصلاۃ]

⑥ قبلے کی طرف رُخ کرنا۔ [شامی: ۳/۳۳۰، باب شروط الصلاۃ]

⑦ نیت کرنا۔ [شامی: ۳/۲۸۵، باب شروط الصلاۃ]

۹	۱۰	مہینے میں	۳۰	دن پڑھائیں	تاریخ	دستخط معلم	دستخط والدین

تعریف

اسلامی معلومات: دینِ اسلام کی باتیں جان لینے کو ''اسلامی معلومات'' کہتے ہیں۔

ترغیبی بات

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص علم حاصل کرنے کے لیے کوئی راستہ اختیار کرے، تو اللہ تعالیٰ جنت کا راستہ اس کے لیے آسان کر دیتے ہیں۔
[ابوداؤد: ۳۶۴۱، عن ابی الدرداء رضی اللہ عنہ]

